اس سال 5 دسمبر قمر مشتری تسدیس مشتری مکمل 11:56 منٹ پر رات کو قائم ہوگی۔ دوسری سعادت اکبر نظر عطارد تسدیس مشتری 13 دسمبر 2004 کو 5:57 منٹ پر صبح قائم ہوگی۔ تیسری سعادت اکبر نظر 30 دسمبر کو زہرہ مشتری تسدیس مکمل دوپہر 3:18 منٹ پر قائم ہوگی۔ اس وقت کی مناسبت سے لوح جدید اکبر کیساتھ حاضر خدمت ہوں یہ لوح بہت فائدہ مند ہے۔ جو لوگ ملازمت کی تلاش میں مارے مارے پھرتے ہیں تو ان کے لئے یہ لوح ایک نعمت ہوگی۔ میں تمام بہن بھائیوں کو دعوت دیتا ہوں کہ اس لوح کو تیار کر کے پاس رکھیں یا جن بہن بھائیوں کے گھریلو جھگڑے ہوں' مقدمات میں پھنسے ہوں' دشمنوں نے زمین تنگ کر رکھی ہو۔ بے قراری اور بے سکونی ہو اور ہر وقت ڈر سا لگا رہتا ہو اور دل ڈوبا رہتا ہو یا دل کے امراض میں مبتلا ہوں جبکہ آج کل کینسر کا مرض لا علاج ہو گیا ہے کیونکہ ڈاکٹر اس میں ناکام رہتے ہیں تو ان کے لئے یہ لوح ایک نعمت عظیم ہے۔ یہ بنوا کر پاس رکھیں اور چلتے پھرتے روزانہ یا ودود یا غنی کا ورد کریں یہ یاد رہے کہ اس کا اثر 21 دن میں ظاہر ہوگا۔ لوح اگلے صفحہ پر ملاحظہ کریں۔



حاضر خدمت ہوں۔ اس لوح کی برکت سے دست غیب' ترقی عروج' تسخیر خلق حاصل ہوگی۔ یہ عمل میرے پاس دستیاب ہے کہیں اور دستیاب نہ ہوگا۔ یہ لوح اپنے اندر بہت قوت رکھتی ہے جو لوگ سحر جادو سے تنگ آچکے ہوں یا معاشی حالات خراب ہو گئے ہوں تو اس کے لئے لوح افلاطون بہت باقوت ثابت ہوگی۔ کیونکہ مشتری یہاں اوج یافتہ ہے اور یہ وقت پھر بارہ سال بعد آئیگا۔





لوح افلاطون الزمان

اس سال 5 نومبر کو زہرہ مشتری کا قران طالع میں ہوگا۔ مکمل نظر 7:10 منٹ پر صبح قائم ہوگی۔ دوسری سعادت اکبر نظر عطارد تسدیس مشتری 11 نومبر کو 9:33 منٹ رات کو قائم ہوگی۔ کیونکہ مشتری یہاں طالع میں اوج یافتہ ہے تو اس لئے اس کی تاثیر کئی گنا بڑھ چکی ہے۔ اس وقت کی مناسبت سے لوح افلاطون کیساتھ

اپنی قسمت آپ بنائیے

لوح حصول مال و دولت

☆......حکیم سرفراز احمد زاہد۔ملتان

اللہ تعالیٰ کا فرمان پاک ہے۔ والنجوم مسخرات بامرہٖ یہ کواکب اللہ تعالیٰ کے خاص امر کے پابند ہیں۔اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ کواکب اپنے اندر کوئی نہ کوئی خاص اثرات رکھتے ہیں۔اسی لئے ان کے بارے فرمان پاک ہے۔ بالفرض محال اگر ان کواکب میں کوئی اثر نہ ہوتا تو ان کو مسخر کرنے کا کیا فائدہ تھا۔علمائے روحانیت نے بے شمار تجربات اور مشاہدات کے بعد ان کواکب کی تاثیریں معلوم کی ہیں۔دولت جو اس دنیا میں بسنے والے ہر انسان کی اولین خواہش ہے۔دولت کے بغیر زندگی کا پہیہ معمولی سی حرکت بھی نہیں کرسکتا۔اسی دولت کے حصول کیلئے حضرت انسان ہر جائز ہو یا ناجائز قدم اٹھانے سے ذرا بھر ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرتا۔دولت کے حصول میں اولاد تک کی گردن کاٹ دیتا ہے۔ دولت ہی زندگی کا اصل محور ہے۔ علمائے روحانیت نے سبعہ کواکب میں مشتری کو مال و دولت سے منسوب کیا ہے۔چنانچہ ضروریات مال کیلئے گردش افلاک میں مطلوبہ ستارہ کو خاص وقت میں ایسا مادہ مہیا کرکے اس کے اثرات کو کسی خاص دھات یا کاغذ پر جذب کرلیا جائے تو اس کے نتیجہ میں قدرت کاملہ الٰہیہ سے یہ اثرات ظاہر ہونے کا سبب بن جاتا ہے۔اللہ پاک مسبب الاسباب ہے اور اس نے اس عالم کو عالم اسباب قرار دیا ہے۔لہٰذا جب تک مناسب سبب اختیار نہ کیا جائے گا اس کا کوئی فائدہ نہ ہوگا۔مثلاً کوئی کام کریں یا ملازمت کریں اگر اسکا محنت کے صلہ میں معاوضہ نہیں ملتا تو بیکار ہے۔اس عالم سفلی میں اسباب کا ظہور حوادث کو گردانا گیا ہے۔جیسا کہ قرآن پاک میں ثبوت پیش کیا گیا ہے اس کے بعد قرآن پاک میں کواکب کے اثرات کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ نے قوم لوطؑ پر عذاب بھیجنے کے سلسلہ میں جو فرمایا ہے۔ وہ اس فیصلہ کیلئے کافی ہے۔ کہ سیارگان میں اثرات ہوتے ہیں۔قرآن پاک کی آیت پاک ہے۔وَاَرْسَلْنَا رِیحاً صَرصَراً فی اَیَّام نحساتٍ ۝ یعنی ہم نے بادصرصر کو نحس دنوں میں بھیجا۔نحس دن صرف سیارگان کی گردش سے بنتے ہیں ورنہ اللہ تعالیٰ جو ہر شے پر قادر ہے اسے کیا ضرورت تھی کہ وہ نحس دنوں کا اعتبار کرے وجہ یہ تھی کہ وہ اپنے قوانین کی خلاف ورزی نہیں کرتا اور چونکہ نحس اور سعد دن بھی اسباب کار ہیں اس لئے ان کو اللہ نے اختیار کیا۔

ہر ستارہ کی تاثیر الگ الگ ہوتی ہے۔ان میں سعد اکبر ستارہ مشتری کی روحانیت کلی طور پر مال و دولت و مالی وسعتوں، مالی ترقیوں اور خیر و برکت سے وابستہ ہے۔مشتری کے اوقات ہر سال نہیں آتے بلکہ شرف کا وقت 12 سال بعد آتا ہے۔یہ وقت سابقہ سالوں 2001 میں گزر چکا ہے۔اب یہ وقت دوبارہ 2013 میں آئے گا۔اسی طرح اوج کا وقت بھی 12 سال بعد آتا ہے۔مشتری کو شرف ہر بارہ سال بعد برج سرطان کے 15 درجہ پر ہوتا ہے۔اسی طرح اوج بھی ہر بارہ سال بعد برج میزان کے 2 درجہ پر آتا ہے۔مشتری کیونکہ خوش بختی کا ستارہ ہے اس کی روحانیت سے فائدہ اٹھا کر ایک فقیر بھی امیر کبیر بن سکتا ہے۔جیسا کہ مضمون کے شروع میں ذکر ہو چکا ہے اللہ تعالیٰ نے عالم دنیا کو عالم اسباب قرار دیا ہے اور وہ ذات مسبب الاسباب ہے۔ زندگی میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے اسباب کی ضرورت ہوتی ہے۔اس سے یہ عیاں ہے کہ مالی فوائد حاصل کرنے کیلئے کام کرنا یا ملازمت کرنا ضروری ہے۔ملازمت اور کام اسباب ہیں اور اسباب کے بغیر کچھ بھی نہیں اسی طرح اوج مشتری میں حصول دولت کیلئے خصوصی عملیات کی تیاری بھی اسباب کا مہیا کرنا ہے۔

مشتری ستارہ کو مالی خوش بختی، فراخی رزق، حصول مال و دولت، ترقی رزق، ترقی مراتب، آمدن کے مختلف ذرائع پیدا کرنا۔بے انداز دولت حاصل کرنے کا سبب پیدا کرنا۔ادائیگی قرض اور انعامی اسکیموں سے قسمت کھلنے کی کلید گردانا ہے۔لہٰذا ضرورت مال میں جب گردش فلکی میں مشتری کو اس امر کے زیر اثر دیکھتے ہیں تو اس خاص وقت میں خصوصی مادہ مہیا کرکے مکمل اثرات جذب کراتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ لوح مخصوص قدرت کاملہ سے زندگی میں خوشگوار تبدیلیوں کا مظہر بن جاتی ہے۔بعض اشخاص کا قسمت پر یقین ہوتا ہے۔اور بعض کا نہیں۔جن لوگوں کا قسمت پر اعتبار نہیں ہوتا وہ بھی خوش قسمتی کے الفاظ استعمال کرتے ہیں کیونکہ کوئی بھی شخص بدقسمتی کا طالب نہیں ہوتا اور نہ اپنے متعلق کوئی بری خبر سننا پسند کرتا ہے۔ہر شخص کی یہی خواہش ہوتی ہے کہ وہ خوش قسمت ہو۔خوش قسمت ہونے کا مطلب یہ ہے کہ امیر کبیر ہو۔مال و دولت کی فراوانی ہو بے شمار آمدنی ہو۔چاہے وہ آمدنی ذاتی کاروبار سے ہو یا ذاتی کام (ملازمت) سے یا کوئی اور ذرائع آمدن ہوں۔وہ سب خوش قسمتی کے زمرے میں آتے ہیں۔جب کوئی شخص اس امر کا طالب ہو کہ وہ خوش قسمت ہو تو اس کا مطلب ہوا کہ مالی مفادات زیادہ سے زیادہ ملیں۔خوش قسمتی، خوش اُمیدی سے منسلک ہے۔خوش اُمیدی ایک ایسی قوت ہے جو انسان کو بدقسمتی کا مقابلہ کرنے کی طاقت دیتی ہے۔

زمانہ حال میں جہاں ضروریات زندگی بڑھتی جا رہی ہیں وہاں حصول مال کے بھی بہت سے ذرائع پیدا ہو گئے ہیں۔ مثلاً لاٹری کے ٹکٹ خریدنا' پرائز بانڈ کی پرچیاں یا نمبر خریدنا۔ تمام قوم دولت کے حصول میں رات دن سرگرداں ہے۔ اس کے علاوہ ریس وسٹہ میں حصہ لینا۔ گورنمنٹ کی جاری کردہ اسکیموں میں شمولیت اور اس کے علاوہ ملک میں مختلف کمپنیاں اپنی مصنوعات فروخت کرنے کیلئے لاکھوں روپے کے انعامات' سونے کی بارش' اے آر وائی گولڈ سکیم وغیرہ۔ بلکہ آجکل تو گلی محلہ میں انعامی کوپن اسکیمیں شروع ہیں جن میں کچھ لوگ راتوں رات امیر بن جاتے ہیں اور کچھ امیر سے فقیر ہو جاتے ہیں۔ ہر شخص کی خواہش ہے کہ ان میں حصہ لے اور دولت سے کار کوٹھی خریدے۔ بعض لوگ مستقل اسکیموں میں معمول کے مطابق حصہ لیتے ہیں مثلاً ریس کھیلتے ہیں بانڈ کے نمبر اور سٹہ میں حصہ لیتے ہیں۔ سٹاک ایکسچینج میں شیئرز خریدتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو ایسے طلسمی الفاظ اور طلسمی لوح مشتری کی زیادہ سے زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔ دانش مندی کا تقاضہ ہے کہ بدقسمتی کو اسباب سے خوش قسمتی میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ اس کو حاصل کرنے کیلئے اسباب تیار رکھیں جن اشخاص کو اس پھل کے حصول کے طریقوں پر اعتماد ہو وہ تیار رہیں ایک نادر موقع ہے۔ آپ نے کہاوت تو سنی ہوگی کہ 12 سال بعد روڑی (کچرے) کی بھی سنی جاتی ہے۔ یاد رکھیں نقوش تعویذات' الواح اور دعا سے خوش اُمیدی پیدا ہوتی ہے۔ دنیا بھر کے ماہرین جفر اور عاملین شرف یا اوج مشتری کا 12 سال تک شدت سے انتظار کرتے ہیں یہ ہر قسم کی بدبختی دور کرنے اور خوش نصیبی کے حصول و نصیب یاوری کا وقت ہے۔ بحکم خدا بگڑے کام سنوارنے کیلئے عرصہ 12 سال بعد ستارہ مشتری اس سال اوج میں آئے گا۔ جو لوگ سابقہ مواقع سے فائدہ نہ اٹھا سکے ہوں ان کے اور دوسروں کے لئے نادر پر تاثیر وقت سے فائدہ نہ اٹھانا بدقسمتی ہوگی۔ اوج مشتری میں دولت کی آمد' فراوانی' لاٹری' حصول انعامات' بانڈز نمبر و پرچی نمبر' عزت' شہرت' دولت' بلندی مرتبہ' معاشی ترقی' ذاتی حیثیت میں اضافہ' اعلیٰ ملازمت' بیرون ملک سفر' تسخیر خلق' شادی' صحت و تندرستی' قانونی کامیابیاں' روحانی ریاضت' حاضرات میں کامیابی' غرض زندگی کے ہر جائز مقصد کیلئے اوج مشتری کی لوح بنوا کر پاس رکھنے سے آپ کی تقدیر بدل سکتی ہے۔ ایسے مواقع نصیب والوں کو ہی دوبارہ زندگی میں ملتے ہیں۔ اب آتے ہیں عمل کی طرف:

اللھم افتح ابواب دولت و ھب لی روبیہ کثیراً بحق یا رفیع یا فتاح یا رزاق یا منعم یا غنی اس کے اعداد حاصل کریں۔ ان میں اعداد خاص ۲۱۸۶ کا اضافہ کریں۔ اپنے نام معہ والدہ کا اضافہ کریں اور ان سے مربع پر کریں۔ اس مربع کے پچھلی طرف طلسم مشتری لکھیں۔ جمعرات کے دن ۲۱۸۶ مرتبہ آیت مبارکہ پڑھیں اور پھر اپنے پاس رکھیں۔ اب روزانہ اسما الٰہیہ کی ایک تسبیح کا ورد کر لیا کریں۔

نام طارق سرور	:	۷۷۶
اعداد دعائے خاص	:	۴۴۴۱
آیت پاک معہ اسماء الٰہیہ	:	۲۱۸۶
	:	۷۴۰۳

۷۴۰۳-۳۰=۷۳۷۳÷۴=۱۸۴۳ باقی ۱

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

صرفیائیل


جبرائیل

۱۸۵۱	۱۸۵۴	۱۸۵۸	۱۸۴۳
۱۸۵۷	۱۸۴۴	۱۸۵۰	۱۸۵۵
۱۸۴۵	۱۸۶۰	۱۸۵۲	۱۸۴۹
۱۸۵۳	۱۸۴۷	۱۸۴۶	۱۸۵۹

یا شمہورش

اللھم افتح ابواب دولت کثیراً بحق یا رفیع یا فتاح یا رزاق یا منعم یا غنی العجل ۳ الساعۃ ۳ الوحا ۳


پشت پر یہ طلسم لکھیں۔



لوح اوج مشتری

☆......از تحریر: غلام کبریا۔ میانوالی

اوج مشتری کے حوالے میرے بہت سے معزز دوست لکھ رہے ہیں اوقات و ساعات رسالہ میں تفصیلاً ملیں گی صرف عمل تحریر کرتا ہوں۔ ساعت مشتری میں بخورات مشتری جلا کر دو رکعت نماز نفل ادا کریں مندرجہ نقش حسب طاقت سونا' چاندی یا پھر سفید باریک کاغذ پر زعفران کے محلول



جفری لوح غناء

☆......از تحریر: سید علی مقدس: گوئنڈ کے

جفر کا شمار الہامی علوم سے ہے جس کا نزول بارگاہ ربانی سے حضرت آدمؑ تا محمد مصطفیٰ ﷺ ہوا اور آئمہ علیہم السلام تک پہنچا۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے علم جفر مربوط فرما کر اپنے سینکڑوں شاگردوں کو تعلیم کیا۔ علوم مخفی میں مشکل ترین علم جفر ہے اس علم کی مدد سے اسرار و حقائق موجودات ہویدا ہونے کے علاوہ آسمانی و زمینی مخلوق کی تسخیر ممکن ہے عامل جفر کے لئے تقویٰ و طہارت شرط اول ہے۔ اس کے ساتھ عامل کم بولنے، کم کھانے، کم سونے اور روزانہ غسل ولباس معطر کا پابند ہو تو عامل کو بالخصوص اور اہل محلہ، اہل شہر، اہل اقلیم کو بالعموم فیض پہنچانے کا باعث ہوگا۔ دولت کے ستارہ مشتری کے خواص و افعال لکھیں تو ایک کتاب بن جائیگی مختصراً یہ کہ افزائش دوستی خلق، خوش قسمتی، تکمیل آرزو، حب، تسخیر، حصول دولت، روحانیت، جذبہ انسانیت، ترقی فراوانی، رزق، رہائی از قید چھٹکارا از مصائب و تفکرات، حصول علم، تاثیر تحریر سیاسی استحکام، فتح یابی ہر مقابلہ، افادہ زمینداری، بانڈ کا انعام نکلنا، ویزہ بیرون ملک، سفر سے خوش بختی، خوشحال شادی، حفظ وامان تحفظ از جادو وسحر ٹونہ، تحمل مزاجی، شفائے امراض، حصول اولاد، حوصلہ، جرات تجاویز میں مثبت تاثیرات خرید و فروخت جائیداد میں نفع فرحت و سکون قلب، سخاوت، تواضع، استحکام حکومت، علوء مرتبت، قیام امن وبیع مال اس کے ادنیٰ اثرات میں سے ہیں کوکب مشتری سفیدی مائل بہ سرخی ہے۔ چھٹے آسمان پر طلوع ہوتا ہے۔ طبع آتشی ہے ہر منزل میں 5 ماہ قیام دن جمعرات پہلی ساعت مشتری ہوتی ہے۔ اوج مشتری کے موقع پر قسمت کا رونا رونے والوں کے لئے تحفہ ہے۔ یہ مثلث کمال صفات کی حامل ہے اس میں کمال اور لطف کی بات یہ ہے کہ مثلث ذوالکتابت ہے ہر خانہ کے اعداد جمل صغیر یعنی مفرد عدد 3 ہی بنتے ہیں۔ آیت متعلقہ کے تین ہی لفظ ہیں ہر ضلع کے خانے تین ہیں مثلث کے خانوں کا مجموعہ 9 ہے نقش کا دق 279 مفرد عدد 9 ہی سے تیار کریں۔ بہتر یہ ہے کہ لوح تیار کریں سونے پر ہو یا چاندی پر اگر کاغذ پر تیار کرنا مقصود ہو تو ہر دور میں رنگ اور قلم تبدیل کرتے جائیں کیونکہ ہر ایک دور کا مزاج اور رنگ علیحدہ علیحدہ ہے قلم باریک ساہی کا ہو انار کے قلم سے لکھ سکتے ہیں۔ دور اول آتشی رنگ سرخ، دور دوم بادی رنگ نیلا، تیسرا دور آبی رنگ سبز جبکہ آخری دور کو زرد رنگ سے تحریر کریں گے۔ اگر لوح بنا رہے ہیں تو طلسم مشتری پیچھے کندہ کریں اگر نقش ہے تو نیچے تحریر کریں۔ لوح یا نقش جو بھی ہو اگر جمعرات سے قبل تیار کیا ہے تو سنبھال کر رکھ دیں جمعرات بعد نماز فجر سامنے رکھیں اول آخر گیارہ مرتبہ درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَ مَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ وَالْحِکَمِ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ عَلَیْھِمْ ٥

درمیان میں گیارہ سو گیارہ مرتبہ یا مغنی کا ورد کریں اور لوح پر دم کر کے معطر پاک ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر جیب میں رکھ لیں اب نماز عشاء دو رکعت نماز نفل برائے توسیع رزق پڑھ کر لوح سامنے رکھیں اور ایک صد گیارہ مرتبہ آیت مبارکہ "ومن یتق اللہ یجعل له مخرجا و یرزقه من حیث لا یحتسب ٥" سورۃ طلاق آیت نمبر 2 اول آخر گیارہ مرتبہ درود شریف۔ اس لوح کی تاثیر سے حامل لوح خوش وخرم رہے گا۔ ہر طرح سے مال و دولت میں اضافہ ہوگا۔ سامان عیش و عشرت بہم پہنچیں گا۔ جس کاروبار میں ہاتھ ڈالے گا اللہ عزوجل ترقی کے دروازے کھول دے گا غربت اور بدقسمتی کا دور ختم ہوگا اور حامل لوح سے لوگ رشک کریں گے چاہئے کہ تکبر کو پاس نہ بھٹکنے دے صوم وصلوٰۃ کا پابند رہے اور غرباء اور مساکین کی نگہداشت کرے۔

١٦	١١	٦	١
٥	٢	١٥	١٢
٣	٨	٩	١۴
١٠	١٣	۴	٧

٧٨٦

صرفیائیل

یا مغنی	من حیث لا یحتسب	مخرجا و یرزقه	ومن یتق الله یجعل له
١١٧١	٨٢١	١١١٠	١١٢٠
٨٢٢	١١٧۴	١١١٧	١١٠٩
١١١٨	١١٠٨	٨٢٣	١١٧٣

السید شمهورش

ہے۔ جس کا ثلث تین ہے ہر خانہ 9 کے اضافہ سے خود بخود مکمل ہو جاتا ہے۔ آیت کے تین لفظوں کے اعداد خود بخود اپنے خانہ میں آ جاتے ہیں اوج مشتری ساعت مشتری کی ہو کنندہ کرائیں یا محلول زعفران و گلاب سے کاغذ پر لکھیں اور لوح غناء کی سریع الاثری ملاحظہ کریں۔ جفری لوح غناء یہ ہے۔

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

بعبادہ	لطیف	اللہ
۷۵	۹۳	۱۱۱
۱۲۰	۵۷	۱۰۲

اوج مشتری کے موقع پر لوح اسم اعظم اکسیر اکبر الاعظیم ہے۔ جمیع حاجات و مشکلات کے حل کیلئے ساعت مشتری میں محلول زعفران گلاب سے کاغذ پر بنائیں۔ اللہ کے اعداد قمری 66 ہیں۔ لوح اسم اعظم اللہ بنائیں اور ہر مقصد میں اللہ کے نام کی برکت ملاحظہ فرمائیں۔

چال نقش

۳	۸	۱
۷	۹	۵
۲	۴	۶

لوح یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۱۵	۴۶	۵
۴۱	مقصد لکھو	۲۵
۱۰	۲۰	۳۶

لوح اوج مشتری

☆......از تحریر: سید کامران حیدر۔ مظفر آباد

قارئین آئینہ قسمت! کی بزم میں اوج مشتری کی لوح لیکر حاضر خدمت ہوں یقیناً آپ اس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں گے۔ مجھے اور شاہ زنجانی صاحب کو اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔

قارئین! اوج مشتری دولت کا ستارہ ہے کیونکہ ہر شخص کی یہی کوشش ہوتی ہے کہ کوئی لوح یا طلسم ہاتھ لگ جائے جس سے دولت ہی دولت آئے ایسا ممکن ہے صرف ہمت کریں۔ پھر لوح مشتری کے فوائد کا آپ کو خود اندازہ ہو جائیگا۔ اور دیکھئے قدرت کا کرشمہ کہ چند یوم کے بعد دولت آپ کے قدم چومے گی۔ مختلف طریقوں سے دولت آئے گی اور آپ کو دست غیب عطا ہوگا۔ اگر آپ قرض کے نیچے دبے ہوئے ہیں۔ قرضدار تنگ کر رہے ہیں تو چند یوم میں قرض ادا ہو جائیگا اور قرضدار تنگ نہ کریں گے۔ اس لوح سے آپ مختلف کام لے سکتے ہیں۔ کسی کو محبت میں اندھا کرنا یا لوگوں کی تسخیر کرنا لیکن آپ اس لوح سے صرف وہی کام لیں جس مقصد کے لئے آپ نے تیار کی ہے۔

استعمال کا طریقہ: نماز عشاء کے بعد 1040 مرتبہ یا غنی پڑھ کر لوح پر دم کر دیا کریں۔ دوران عمل خوشبو جلائیں رجال الغیب پشت پر ہوں۔ اول و آخر پانچ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

عدد طالب کامران حیدر : ۵۳۴

عدد مطلوب دولت : ۴۴۰

عدد اسم اعظم غنی : ۱۰۶۰

طریقہ یوں ہے خانہ ۱-۲-۳ میں (مطلوب دولت) ۴۴۰۔ ۴۴۱۔ ۴۴۲ خانہ نمبر ۴-۵-۶ میں طالب کے اعداد اس طرح آئیں گے ۵۳۴ کا عدد خانہ چھ میں آئے گا۔ لہٰذا ۵۳۲۔ ۵۳۳۔ ۵۳۴ کو چال سے اُن خانوں میں پر کریں اب لوح کے سرے کے دو خانوں کے اعداد ۵۳۴ + ۴۴۰ = ۹۷۴ کو تفریق ۱۰۶۰ سے کیا تو ۸۶ حاصل ہوئے۔ سرے کے لوح کے تیسرے خانہ میں رکھا جو چال کے لحاظ سے آٹھواں خانہ ہے اس میں ۸۶ عدد آئے۔ ساتویں میں ۸۵ نویں ۸۷ آئے۔ میزان ہر طرف سے ۱۰۶۰ آئیگی اس خانہ شروع میں چاہے نام لکھیں یا اعداد لکھیں اثر میں فرق نہ پڑے گا یہ طریقہ بے حد موثر ہے۔ زعفران کی سیاہی سے کاغذ پر لکھ سکتے ہیں۔

چال نقش

٨	١	٦
٣	٥	٧
٤	٩	٢

لوح یہ ہے۔

یاغنی

٨٦ یا غنی	٤٤ دولت	٥٣٤ کامران جیلر
٤٤٢	٥٣٣	٨٥
٥٣٢	٨٧	٤٤١

فیوض العملیات

☆......ازتحریر: قسور حسن۔میلسی

سعد اکبر ستارہ مشتری مال و دولت' مالی وسعت اور ترقی کا حاکم ہے۔ جو شخص مالی لحاظ سے بدقسمت ہو۔ مدتوں سے قرض میں گرفتار ہو۔ آمدن کے باوجود مالی تفکرات و افلاس ہو تو اس کو اوج مشتری کے بہترین وقت سے ضرور فائدہ اٹھانا چاہئے۔ ورنہ 12 سال مزید انتظار کرنا پڑے گا۔ الواح جو اوج مشتری میں تیار کی جائیں گی پریشانی اور بدحالی سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے نوید مسرت ہیں۔ لوح کو اپنے پاس رکھیں' ورد کریں اور فائدہ اٹھائیں۔ سب سے اول دھات سونا مشتری کیلئے مخصوص ہے۔ اگر کوئی شخص سونا پر نہ بنا سکتا ہو وہ چاندی پر بنا کر اُوپر سے سونا پالش کروالیں۔ اوج مشتری کی لوح بنانے سے پہلے دال چنا کپڑا سنہری و گوشت وغیرہ کا صدقہ دیں اس موقع کو ہر گز ضائع نہ کریں کیونکہ پھر یہ موقع 12 سال کے بعد آئے گا۔

طریقہ لوح اوج مشتری:

(1) اول دو رکعت نماز نفل پڑھیں اور اللہ سے مدد کیلئے دعا کریں۔

(2) صندل سرخ کا بخور جلائیں۔

(3) کسی نوک دار چیز سے پہلے سامنے کے رخ کندہ کریں اور پھر پیچھے والا طلسم وغیرہ کندہ کریں اور نام وغیرہ لکھیں۔

(4) پھر 1278 بار اللہ خیر الناصرین کا ورد کر کے کسی لال رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھیں۔ لوح یہ ہے۔

عزرائیل جبرائیل


اللہ خیرالناصرین

ع	٨١	٣٥٤	٣٤	٧٤	٧٧	٣٥٨	ل
٣٥٣	٣٥	٦٩	٨٢	٣٥٧	٣١	٧٣	٧٨
٣٦	٣٥٦	٧٩	٦٨	٣٢	٣٦٠	٧٥	٧٢
٨٠	٦٧	٣٧	٣٥٥	٧٦	٧١	٣٣	٣٥٩
٦٢	٨٩	٣٤٦	٤٢	٦٦	٨٥	٣٥٠	٣٨
٣٤٥	٤٣	٦١	ص	٣٤٩	٣٩	٦٥	٨٦
٤٤	٣٤٨	٨٧	س	٤٠	٣٥٢	٨٣	٦٤
٨٨	٥٩	٤٥	٣٤٧	٨٤	٦٣	٤١	٣٥١

وفق 1278 موکل حمر غائیل ہے۔ دوسرے رخ یہ لکھیں۔

٧٨٦

یا حمرغائیل مال و دولت لاؤ بحق یا باسط یا دلیل یٰسین یا حکیم یا جلیل یا حاکم یا شفیع یا محیی یا حکم یا اللہ یا سبوح یا اول یا محیط یا حسیب یا اللہ یا باطن یا بدیع یا دیان یا ملک یا ودود یا بدوح یا دائم یا حلیم اللھم افتح لی ابواب دولت والرزق ذوالمنن وھب لی روپیہ کثیرا بحق الوھاب اوج مشتری 2004 نام .... بن /بنت



یاصرکیل وباکنکائیل ودائیل یا عمائیل یا مھرائیل

اوجِ مشتری کے مجرب عمل

☆......از تحریر: محمد اسد اللہ سلیمانی۔ جھنگ

لوح مشکل کشاؑ

ستارہ مشتری جب برج میزان کے 2 درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے اوج کی سعادت حاصل ہوتی ہے۔ یہ سعد اکبر ستارہ ہے۔ جسے انگریزی میں Jupiter فارسی میں برجیس ہندی میں گرو اور سنسکرت میں برہسپت کہتے ہیں۔ یہ ستارہ بہت ہی سست رفتار ہے۔ اس کا قطر 79000 میل ہے اور 12 سو گنا ہماری زمین سے بڑا ہے۔ گردش محوری میں اس کی رفتار 9 گھنٹہ 55 منٹ ہے اور 4327 دنوں میں یعنی تقریباً 12 سال میں 12 بروج کا دورہ کر کے طے کرتا ہے۔ مشتری برج قوس اور برج حوت کا مالک ہے اور دونوں ہی جمعرات سے منسوب ہیں۔ سبع کواکب میں مشتری وہ واحد ستارہ ہے جس کے اوج میں آنے کا انتظار دُنیا بھر کے عاملین کاملین وشائقین نجوم شدت سے کرتے ہیں کیونکہ مشتری دولت اور خوش قسمتی سے تعلق رکھتا ہے آج کی محفل میں لوح مشکل کشا "آئینہ قسمت کیلئے تحریر کر رہا ہوں اس کو آپ اوج مشتری کے سعد ترین اوقات میں تیار کر کے ہمیشہ کیلئے فیضیاب ہو سکتے ہیں۔ اس سعد وقت کو ضائع کرنا اپنی قسمت کو لات مارنے کے برابر ہے۔

فوائد لوح مشکل کشاؑ: اگر آپ کسی بھی مشکل میں گرفتار ہوں مثلاً شادی کا نہ ہونا' ملازمت نہ ملنا' کاروبار نہ چلتا ہو' سحر و جادو ٹونہ' سایہ آسیب' بدنظری کی پریشانی ہو' مال و دولت میں برکت نہ ہوتی ہو' گھریلو پریشانیاں' غربت' دشمن تنگ کرتا ہو' مقدمات' قرض' انعامی سکیموں میں کامیابی نہ ہوتی ہو' حفظ وامان' شفائے امراض' مصائب وتفکرات سے چھٹکارا نہ ملتا ہو' عزت وشہرت نہ ہوتی ہو یعنی آپ جس مقصد کیلئے بھی پریشان ہوں اور حل نہ ہو رہا ہو تو لوح مشکل کشا بنا کر پاس رکھیں انشاءاللہ آپ کی تمام پریشانیاں ختم ہو جائیں گی۔

چال لوح یہ ہے۔

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

لوح مشکل کشاؑ یہ ہے

ترکیب استعمال: لوح مشکل کشا کو لکھنے کیلئے علیحدہ پاک و

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا جبرائیلؑ

لقد جاکم رسول ۱۲۱۸۶	عونالک فی النراتب کل ۱۲۱۹۹	یولدولم یکن ۱۲۱۹۶	وھو القوی العزیز ۱۲۱۹۳
لہ کفوا احد ۱۲۱۹۷	من یشاء ۱۲۱۹۲	من انفسکم عزیز علیہ ۱۲۱۸۷	نادعلیا مظہر العجائب تجدہ ۱۲۱۹۸
بعبادہ یرزق ۱۲۱۹۱	قل ھو اللہ احد ۱۲۱۹۴	بولایتک یا علیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ ۱۲۲۰۱	ماعنتم حریص علیکم ۱۲۱۸۸
ھم رغم سیجلی بعظمتک یااللہ بنبرتک یا محمدؐ ۱۲۲۰۰	بالمؤمنین رؤف رحیم ۱۲۱۸۹	اللہ لطیف ۱۲۱۹۰	اللہ الصمد لم یلد ولم ۱۲۱۹۵

یا فاطمہؑ یا حسنؑ یا حسینؑ

یا اسرافیلؑ کھیعص

یغنیھم اللہ من فضلہ

یا عزرائیلؑ حمعسق

یا میکائیلؑ

وکفیٰ باللہ شھیدا محمد رسول اللہ

صاف جگہ کا انتخاب کریں۔ بخور خوشبودار جلائیں رجال الغیب پشت پر رکھ کر عالم ساعت مشتری میں سفید کاغذ پر مشک و زعفران سے تحریر کرے۔ اس کے علاوہ تانبا اور چاندی پر بھی کندہ کر سکتے ہیں۔ منہ میں سچا موتی لکھتے وقت ضرور رکھ لے۔ پھر لوح مشکل کشا پر سورۃ نصر ایک مرتبہ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ گیارہ روز تک پڑھ کر دم کرے۔ اب

110 روپے کی خیرات دیکر لوح اپنے پاس رکھے انشاءاللہ آپ کے تمام مسائل حل ہونا شروع ہو جائیں گے۔آزمائش شرط ہے۔چال لوح یہ ہے:

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

لوح مشتری

جس شخص کی مالی حالت کمزور ہو تو وہ یہ لوح مشتری تیار کروا کر پاس رکھے۔انشاءاللہ تعالیٰ دن بدن مالی حالت بہتر ہوتی جائے گی۔اس لوح کو شرف مشتری یا اوج مشتری میں لکھیں۔اس کے علاوہ زہرہ و مشتری تسدیس و تثلیث یا قمر و مشتری کی تسدیس و تثلیث میں بھی تیار کر سکتے ہیں اور ہر روز درود شریف 101 بار پڑھ کر لوح مشتری پر دم کر دیا کریں اسی طرح 40 روز تک دم کریں 110 روپے کی خیرات دیکر لوح اپنے پاس رکھیں لوح مشتری یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا مغنی — یا معطی

۹۲۳۶۲	۹۲۳۷۵	۹۲۳۷۲	۹۲۳۶۹
۹۲۳۷۳	۹۲۳۶۸	۹۲۳۶۳	۹۲۳۷۴
۹۲۳۶۷	۹۲۳۷۰	۹۲۳۷۷	۹۲۳۶۴
۹۲۳۷۶	۹۲۳۶۵	۹۲۳۶۶	۹۲۳۷۱

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ یا رزاق یا علی
یا واسع یا وھاب یا باسط یا کریم یا غنی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا قادر یا قوی فلاں بن فلاں دولت مندھو العجل الساعة الوحا و بحق یا محمدؐ یا علی یا فاطمہؓ یا حسنؓ یا حسینؓ

پشت پر یہ لکھیں۔

۲ ۹ ء ء ۰ ۱ ۱ ی ی م م م

س

یا جبرائیل یا میکائیل یا اسرافیل
یا دردائیل مال و دولت لاؤ
و بحق یا مغنیُ یا غنیُ یا علیُ

صدری و اسراری عمل برائے شادی

وہ خواتین و مرد حضرات جن کی شادی نہ ہو رہی ہو یا پسند کی شادی نہ ہوتی ہو تو ایک بار اس عمل کو کر کے دیکھ لیں۔انشاءاللہ 3 تا 9 دن میں مسئلہ حل ہو جائے گا۔آزمائش شرط ہے۔عمل مندرجہ ذیل ہے۔

لا الہ کرم کر الا اللہ جلدی کر محمد رسول اللہ کل رحم کر فلاں بن فلاں کی شادی جلد ہو بحق یا مطیعُ یا معطیُ یا وھابُ یا رحمٰنُ یا علیُ بحق حضرت بابا کریم بخشؒ چشتی صابری و حضرت پیر مشتاق احمد چشتی صابری بحرمة یا فاطمة الزھراؓ و یا امام حسنؓ و یا امام حسینؓ العجل الساعة الوحا.

اس صدری و اسراری عمل کو روزانہ مغرب کے بعد 313 مرتبہ پڑھیں۔یہ عمل آپ مدتوں یاد رکھیں گے۔اجازت ضروری ہے۔

لاجواب عمل برائے بیوی و بچوں کا خرچہ

جس بیوی کا شوہر اس کو گھریلو کاموں کیلئے اور بچوں کیلئے خرچہ وغیرہ نہ دیتا ہو تو یہ عمل ضرور پڑھے۔انشاءاللہ اس کا شوہر اپنی بیوی اور بچوں کے لئے روزانہ خرچہ دے گا عمل کی مدت صرف ایک دن ہے۔اول و آخر 11-11 مرتبہ درود شریف کے ساتھ یہ عمل پڑھے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ بِحَقِّ یَا وَدُوۡدُ یَا وَھَّابُ یَا کَرِیۡمُ یَا رَزَّاقُ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡن.

ہر نماز کے بعد عمل 192 مرتبہ پڑھے بعد عمل اپنے مقصد کیلئے دعا مانگے انشاءاللہ اگلے دن پڑھنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوگی آزمائش شرط ہے۔

غائب حاضر کرنا

اگر کوئی گھر سے بھاگ گیا ہو تو درج ذیل عمل کریں بھاگے ہوئے کی کوئی نہ کوئی آ کر خبر دے گا یا خود ہی گھر واپس آ جائے گا۔

یَا مُعِیۡدُ یَا خَبِیۡرُ یَا وَھَّابُ یَا عَلِیُّ

اول و آخر 11-11 مرتبہ درود شریف کے ساتھ 500 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ گیارہ دن ایسا کریں اور روزانہ حضرت امام حسین علیہ السلام کی نیاز دیں۔ آزمائش شرط ہے۔

صدری عمل نادعلیؑ

نادعلیؑ اسم اعظم ہے۔ لیکن جو میں یہاں تحریر کر رہا ہوں یہ صدری و اسراری عمل نادعلیؑ ہے۔ اس کی برکت سے ہر مشکل حل ہوتی ہے۔ یہ عمل تسخیرات، فتوحات، کشائش رزق، تسخیر حکام، صحت، حصول اولاد، ملازمت، مال و دولت میں اضافہ، بیرون ملک جانے کیلئے دشمنوں سے حفاظت، انعامی سکیموں میں کامیابی، قرض، نحوست و بدبختی کے خاتمہ کیلئے دل پسند شادی کے علاوہ بے شمار مسائل کے حل کیلئے سریع الاثر ہے۔ طریقہ عمل یہ ہے کہ بعد از نماز عشاء علیحدہ کمرہ میں داخل ہوں۔ پھر 11 عدد اگربتیاں روشن کریں۔ اب قبلہ رو ہو کر دو رکعت حاجت کے پڑھیں۔ اس کے بعد 110 مرتبہ درود شریف پڑھ کر 1110 مرتبہ یا علیؑ پڑھنا ہے۔ پھر دست دعا بلند کر کے مندرجہ ذیل نادعلیؑ 40 مرتبہ پڑھیں۔ بعد از 110 مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا مانگیں۔ اسی طرح 11 روز کریں۔ انشاء اللہ جو بھی حاجت ہوگی وہ پوری ہو جائے گی آزمائش شرط ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ قُلْتَ نَادِعَلِيًا مُظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِي النَّوَائِبِ فَنَادَيْتُهُ لِيُظْهِرَ عَلِيٌّ مِنْ عَجَائِبِ اٰثَارِ وَلَايَتِهٖ وَ غَرَائِبِ اَسْرَارِ اِمَامَتِهٖ حَتّٰى يَنْجَلِيَ كُلُّ هَمِّي وَ غَمِّي بِوِلَايَتِهٖ يَا عَلِيُّ اَدْرِكْنِيْ بِسِرِّ وَلَايَتِكَ الْخَفِيِّ الْجَلِيِّ o

تسخیر دشمن بذریعہ عمل حسینیؑ

اگر کسی شخص کو دشمن کا خوف ستائے رہتا ہو اور آپ کو نقصان پہنچاتا ہو تو اس عمل حسینیؑ کو ضرور آزمائیں انشاء اللہ دشمن کہیں چلا جائے گا یا پھر آپ کے تابع ہو جائے گا۔ یہ عمل آپ کو دنیا کی کسی کتاب وغیرہ میں نہ ملے گا میرے سینے کا راز ہے۔ طریقہ عمل یہ ہے کہ نماز ظہر کے بعد درج ذیل عبارت اول و آخر 41-41 مرتبہ درود شریف کے ساتھ 128 مرتبہ پڑھیں۔ عمل مدت صرف 7 تا 21 یوم ہے۔ اس

کے ساتھ ہر روز حضرت امام حسینؑ مدد کرنا پیر فقیر مدد کرنا ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبرؑ میری مدد کرنا میری مشکل آسان کرنا دشمن کو زیر کرنا بحق یا محمدؐ یا فاطمہؑ و یا علیؑ و یا حسنؑ و یا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ و بحق یا جبرائیلؑ یا میکائیلؑ یا اسرافیلؑ یا عزرائیلؑ برحمتک یا ارحم الراحمین o

ترقی کاروبار و خیر و برکت

کاروبار کی ترقی و خیر و برکت کے لئے یہ لوح ان حضرات کیلئے ہے جن کا کاروبار نہ چلتا ہو تو وہ یہ لوح لکھ کر پاس رکھیں۔ چالیس دن کے اندر اندر انشاء اللہ اثرات ظاہر ہونگے۔ لوح لکھنے کے بعد کلمہ طیبہ 1100 مرتبہ پڑھ کر لوح پر دم کر دیں مجرب و سریع الاثر ہے۔

چال نقش

٨	١١	١٤	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

نقش یہ ہے:

٧٨٦

لا اله الا الله محمد رسول الله

١٠٩	١١٢	١١٥	١٠٢
١١٤	١٠٣	١٠٨	١١٣
١٠٤	١١٧	١١٠	١٠٧
١١١	١٠٦	١٠٥	١١٦

لا اله الا الله محمد رسول الله

یا غنی یا وهاب فلاں بن فلاں کے کاروبار میں ترقی و خیر و برکت کی فتوحات ہوں العجل الساعة الوحا

پشت پر یہ لکھیں۔

علللھعھلوعع منعم منعم
سسھسسعـعھلو
ص ص ص ص ء ء ء ١١١١١١١
یا دردائیل یا مھرائیل
یا طاطائیل یا لومائیل
طس الر الرطس

صدری عمل برائے شفائے امراض کیلئے

اگر کوئی شخص خطرناک مرض میں مبتلا ہو اور اس سے شفا نہ مل رہی ہو یا اتنا طویل عرصہ گزر گیا ہو کہ وہ مایوس ہو جائے تو اسے چاہئے کہ 40 روز تک روزانہ اول و آخر 11-11 بار درود شریف کے ساتھ درج ذیل عبارت عمل 1100 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور روزانہ پانی پی لیا کرے۔ انشاء اللہ مرض جو بھی ہوگی اسے شفا ملے گی۔ عبارت عمل یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یَا شَافِیُ یَا سَلَامُ یَا حَفِیۡظُ یَا بَدِیۡعُ یَا رَحِیۡمُ فلاں بن فلاں کو فلاں مرض سے شفا ملے وَ بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّد رَسُوۡلُ اللّٰہِ وَ بِحَقِّ یَاحُسَیۡنُ یَا حُسَیۡنُ یَا حُسَیۡنُ وَ بِحَقِّ یَا مُغِیۡثُ یَا مُغِیۡثُ یَا مُغِیۡثُ o

تسخیر محبوب کا صدری عمل

اگر کسی شخص کو اپنی طرف متوجہ کرنا چاہتے ہو یا اسے اپنی محبت میں قید کرنا چاہتے ہو یا پھر اسے مطیع و فرمانبردار کرنا چاہتے ہو تو اس صدری عمل کو بعد نماز عشاء 110 مرتبہ اول و آخر 110 بار درود شریف کے ساتھ 11 روز پڑھیں اور یہ نقش ساعت مشتری یا زہرہ میں زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھنا ہے۔ انشاء اللہ مطلوب چند روز کے بعد طالب کے تابع ہو جائے گا۔ یہ عمل اُن دو فریقین کی آپس میں دوستی کرانے کیلئے بھی مفید ہے جو ایک دوسرے کی جانکے دشمن ہوں۔ آزمائش شرط ہے۔ عبارت عمل یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ o عزمت و اقسمتُ علیکم اجب یاجبرائیلُ یا دردائیلُ یا زلفمائیلُ یا تنکافیلُ بِحَقِ یا بدوح و بحق نادعلیاً مظہر العجائب تجدہ عونا لک فی النوائب کل ہم و غم سینجلی بعظمتک یا اللّٰہُ بنبوتک یا محمدمصطفی صلی اللّٰہ علیہ والہٖ وسلم بولایتک یا علیُ یا علیُ یا علیُ فلاں بن فلاں کو فلاں بن فلاں کے تابع و حاضر کرو العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحاo

نقش یہ ہے۔

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

ودود بدوح	محمّد علی	کریم رحیم	مبین سمیع
مبین سمیع	کریم رحیم	محمّد علی	ودود بدوح
محمّد علی	ودود بدوح	مبین سمیع	کریم رحیم
کریم رحیم	مبین سمیع	ودود بدوح	محمّد علی

یا جبرائیل یا حسن یا حسین یا فاطمۃ یا میکائیل لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ


فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں وکفیٰ باللّٰہ شہیدا محمد رسول اللّٰہ

لوح اوج مشتری نورانی

قارئین آئینہ قسمت کی خدمت میں ایک صدری لوح اوج مشتری نورانی پیش کر رہا ہوں اس کو آپ ضرور تیار کروائیں۔ فوائد اس کے یہ ہیں کہ حصول مال و دولت' فراوانی رزق' پرائز بانڈ اور انعامی سکیموں میں کامیابی کیلئے' حصول ملازمت' ویزہ' سفر' خوش قسمتی' وراثت' رفعت و سکون قلب' مصائب اور تفکرات سے چھٹکارہ' فتوحات' ترقی کاروبار و خیر و برکت کیلئے' خوشحال زندگی' تکمیل اُمید آرزو' شفائے امراض' جائیداد میں نفع ملے' غربت کا خاتمہ ہو' قرضہ ادا ہو' نحوست و بدبختی کے خاتمہ کیلئے' سحر و جادو ٹونہ سایہ' آسیب سے نجات کیلئے' تحفظ جان و مال غرضیکہ ہر قسم کی پریشانیوں سے بچنے کیلئے لوح اوج مشتری نورانی سے فیض حاصل کریں۔ طریقہ لکھنے کا یہ ہے کہ علیحدہ پاک و صاف کمرہ میں بیٹھیں۔ رجال الغیب سامنے نہ ہو۔ بخورات مشتری روشن کریں۔ لوح کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھیں اس کے علاوہ تانبا' چاندی اور سونے پر بھی بنا سکتے ہیں۔ اس کے بعد حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی نیاز دلائیں اور لوح کو اپنے پاس رکھیں پھر تھوڑے ہی عرصہ میں فتوحات کے دروازے کھل جائیں گے اور خوشحالی لوٹ آئے گی۔ انشاء اللہ

پشت پہ یہ طلسم لکھیں

یا جبرائیل یا دردائیل یا لوزائیل یا رتمائیل مال و دولت و دست غیب و فتوحات لائی بحق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا رزاق یا غنی یا وکیل یا کریم یا باسط و بحق یا محمدؐ یا علیؑ یا فاطمہؑ یا حسنؑ یا حسینؑ حق حق



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل صرفیائیل

شمکائیل

شمقفیائیل

یا اسرافیل کہیعص

یا عزرائیل حمعسق

یغنیهم الله من فضله	رزاق منعم وهاب باسط غني	نصر من الله و فتح قريب	و انه هو اغني و اقني
نصر من الله و فتح قريب	و انه هو اغني و اقني	یغنیهم الله من فضله	رزاق منعم وهاب باسط غني
و انه هو اغني و اقني	نصر من الله و فتح قريب	رزاق منعم وهاب باسط غني	یغنیهم الله من فضله
رزاق منعم وهاب باسط غني	یغنیهم الله من فضله	و انه هو اغني و اقني	نصر من الله و فتح قريب

میکائیل السید الشمهورش

وكفىٰ بالله شهيدا محمد رسول الله

اللهم افتح لی محمد اسد الله سلیمانی بن ...... ابواب دولت والرزق وهب لی روپیه کثیراً بحق یا غنی یا مغنی یا واسع یا رزاق یا علی یا فتاح



شرف مشتری کا گارنٹی شدہ نوٹ

حامل نوٹ کا رزق کشادہ نہ ہوا تو اُسے حق ہوگا کہ قیامت کے دن شاہ زنجانی کا دامن گیر ہو

جو شخص فاضل مال اس لئے طلب کرتا ہے کہ اپنے اہل و عیال کی عزت محفوظ رکھ سکے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے کہیں برتر ہے۔ (ارشاد امام علی رضا علیہ السلام)

اللہ تعالیٰ کو گواہ بنا کر ستارہ مشتری کی بابرکت شرف یافتہ سعادتوں میں شرف مشتری کا گارنٹی شدہ نوٹ آپ کیلئے تیار کرنے کی سعادت حاصل کی گئی ہے۔ قبل ازیں پانچ روپے کے شرف مشتری کے نوٹ کو **منجم زنجانی برادرز** نے تیار کرکے ہزاروں بہن بھائیوں کو فیضیاب کیا۔ 12 سال کے بعد کائنات میں خیر و برکت کی لہریں نصیب یاوری' رزق و دولت لاتی ہیں۔ انہی سعاعتوں کو عامل شاہ زنجانی نے آپ کیلئے سمیٹ لیا ہے۔ شرف مشتری کے حامل کا رزق کشادہ ہونے لگے گا۔ اس نوٹ کی' کی (Key) اللہ کے گھر کی تعمیر میں حصہ لینا ہے۔ تبھی شرف مشتری کے نوٹ سے فیض پائیں گے۔ جس طرح بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ابجد قمری 786 ہیں اور مفرد 3 ہے۔ اسی طرح **اللہ** کے ذاتی نام کے اعداد 66 جس کا مفرد بھی 3 ہے۔ سبع کواکب میں یہی نمبر ستارہ مشتری سے منسوب ہے۔ روحانی تحقیق کے مطابق مشتری' اللہ' اولیاء اللہ' انبیاء' ولی' قطب' ابدال' رجال الغیب' غوث' قلندروں کا نمبر 3 سے رابطہ ہمیشہ قائم رہا ہے۔ شرف مشتری کے نوٹ کی فیض یابی کیلئے اللہ کے گھر کی تعمیر میں حصہ لیکر آپ بھی اسی تسبیح کے دانے بن سکتے ہیں۔ آپ اللہ سے تجارت کرکے یقینی نفع پا سکتے ہیں۔ نوٹ حاصل کرنے کے خواہاں بہن بھائی ایک ہزار پچاس روپے بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں ان کی جانب سے اللہ کے گھر کی تعمیر میں نو سو روپے ہدیہ دیکر رسید کے ساتھ شرف مشتری کا نوٹ رجسٹرڈ لیٹر روانہ کردیا جائیگا۔ اگر آپ مقامی طور پر اپنی پسند کی مسجد میں چندہ دینا چاہیں تو رسید کے ساتھ 100 روپے کے علاوہ 50 روپے پوسٹ خرچہ بھیج کر منگوا سکتے ہیں۔ مقامی بہن بھائی پوسٹ خرچہ کے علاوہ اسی طرح فیض یاب ہو سکتے ہیں۔ (عامل شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی)

اوج مشتری

☆ازتحریر: مسز میجر اقبال حسین۔ راولپنڈی

اوج مشتری ایک بار پھر قسمت بدلنے آ رہا ہے اس ستارے کو فارسی میں ہرجس کہتے ہیں جبکہ عربی میں اس کا نام مشتری ہے۔ یہ ستارہ اپنی گردش بہت آہستہ آہستہ مکمل کرتا ہے۔ اس کا قطر 79000 ہزار میل ہے اور ہماری زمین سے بارہ گنا بڑا بھی ہے اسی وجہ سے یہ ستارہ اپنی رفتار گردش 9 گھنٹہ 55 منٹ کے حساب سے 4327 دنوں میں مکمل کرتا ہے اور یہ ایک برج میں تیرہ ماہ تک رہتا ہے۔ یہ ستارہ دولت و مال، ترقی وسعت کو کمال عروج دیتا ہے۔ خوش قسمت لوگ ہیں جو اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھاتے ہیں۔ اس میں تاثیر عظیم کی خاطر عامل حضرات اس کی آمد سے قبل آیات کی چلہ کشی شروع کر دیتے ہیں۔ جس نے زکوٰۃ اکبر دی ہو تو اُس کا نقش آپ کو بغیر محنت اور معمولی ہدیہ سے کمال کا بام عروج عطا کرتا ہے۔ اس موقع پر میں جناب شاہ زنجانی صاحب کی شکر گزار ہوں جن کی وجہ سے آپ تک دل کا راز دے رہی ہوں جو بھی اس عمل کو کریں وہ جناب زنجانی صاحب کی کاوشوں کے لئے دعا کریں اور میرے والد میرے استاد جناب ڈاکٹر رحمت حسین کاظمی جھنگی سیداں کیلئے دعائے مغفرت ضرور کریں۔ مقررہ تاریخ سے 41 دن قبل ستمبر سے شروع کر دیں۔ جمالی پرہیز کے ساتھ نماز پنجگانہ ہمہ وقت باوضو روزانہ وقت مقررہ پر بخور جلا کر بھرپور توجہ کے ساتھ 3125 مرتبہ **یا کبیر یا متعال یا منعم** 3125 مرتبہ درود شریف باقی وقت میں **اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء بغیر حساب** پڑھتے رہیں۔ فالتو گفتگو سے احتیاط برتیں اب جب ساعت مشتری آئے تو پہلے یہ چیزیں پاس رکھ لیں جنگلی بٹیر کے سر کا تاج یا فتون کی بیل کے تخم یا نوٹ۔ اب مقررہ وقت پر یہی ورد پڑھتے رہیں اور ساتھ ہی لفظ یہی آیات ان پر لکھ لیں۔ زعفران سے نوٹ پر باقی دو چیزوں کے لئے ہرن کی جھلی پر لکھ لیں دم کر دیں اور بال یا تخم رکھ کر باندھ لیں پھر ان کو چاندی کے تعویذ میں ڈال کر لاکٹ بنا لیں یا بٹوے تجوری میں رکھ لیں پھر روزانہ 3125 مرتبہ یہی آیات پڑھ کر دم کر لیں، بعد 41 دن کے روزانہ 100 مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ قسم ہے مجھے پنجتن پاک کی جن کی میں غلام ہوں بے حساب، بے گمان رزق و دولت آپ کے قدموں میں ہوگی۔ مگر عطیہ خداوندی سے غریبوں کی امداد لازماً کریں۔

لوح مشتری

لمبے عرصے کے بعد مشتری بخت آوری کا پیغام لے کر آتا ہے۔ ویسے تو لوح مشتری بہت سے عاملوں نے لکھیں ہیں یقیناً یہ بھی اُسی طرح کی ہے۔ اس کے استعمال سے ترقی دولت، تسخیر خلق، رجوع خلق عروج ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ بیشمار فوائد کی حامل ہے۔ اسکے حصول کے لئے پہلے 41 دن آپ پہلے نصر من اللہ و فتح قریب اعداد قمری 1302 کو 3125 مرتبہ پڑھ لیں۔ روزانہ اول آخر درود شریف بھی بعد اکتالیس دن کے آپ عامل ہو گئے۔ اب وقت مقررہ پر بخور مشتری لگائیں۔ رجال الغیب کا خیال رکھیں۔ تنہائی میں بیٹھیں باوضو ہوں پہلے رجوع اللہ کے لئے دو نفل ادا کریں پھر صدقہ چھ کلو چینی کا دیں حشرات کو۔ مثلاً مومنہ اعداد قمری 1442=1301+141

اب 30-1442 =1412 ÷4 حاصل اعداد 328

اب خانہ نمبر 1 سے خانہ نمبر سولہ تک چار چار کا اضافہ کریں۔ پڑتال کر کے دیکھیں چاروں اطراف سے میزان درست آئے۔ اب حروف بنائیں۔ کل میزان سے مثلاً 1412 لفظ بنے ''ب م ت غ'' موکل بنا ''بمتغائیل'' دست غیب سے میرے لئے مال و دولت کی فتوحات لاؤ جلدی۔ اب آپ نقش اس طرح بنائیں کہ چاروں کونوں پر موکلات کے نام لکھیں ۷۸۶ کے نیچے یا صرفیائیل یا جبرائیل لکھیں اور نقش کے نیچے السید شمہورش لکھیں۔ نقش لکھنے کے بعد نقش کے اندر جنگلی بٹیر کے بال چند تعداد میں رکھیں اور چاندی میں بند کر کے لاکٹ بنالیں یا پرس میں رکھیں اور اس کی تاثیر دیکھیں۔ آخر میں جناب زنجانی صاحب اور میرے والد ڈاکٹر سید رحمت حسین کاظمی صاحب کیلئے خصوصی دعا کریں۔

۷۸۶


صرفیائیل جبرائیل

356	368	380	328
376	332	352	372
336	388	360	348
364	344	340	384

عزرائیل

السید شمہورش میرے لئے غیب سے مال، دولت کا بندوبست کرو العجل الساعۃ الوحا

اب نقش کی دوسری طرف یاہمتغائیل دست غیب سے مال ودولت فتوحات لاؤبحق نصر من اللہ و فتح قریب لکھیں۔



یاصر کیل ویاکنکائیل ودائیل یا عمائیل یا مھرائیل

حاضرات

قارئین آپ نے اب تک روحانی رسالوں میں بہت سے ماہر عاملین کے حاضرات پرمبنی طریقہ جات پڑھے ہونگے۔ان کے مقابلے میں میری حیثیت ادنیٰ سے طالبعلم کی ہے۔مگر میں نے 1981 میں کوئٹہ میں ایک ایسا عمل جو کہ میرے والد گرامی ڈاکٹر سید رحمت حسین کاظمی کو ایک پاکستانی نے سعودی عرب میں دیا تھا جس سے اکثر اوقات میں اور والد صاحب فیض اٹھاتے تھے۔آج آپ کی نظر کرتی ہوں۔پہلی بات حوصلے اور دل والے لوگ ہی عملیات کے قریب آیا کریں جلد باز اور بے حوصلہ لوگوں کو فیض مشکل سے ملتا ہے اور بعض عمل تو آپ کی زندگی میں آزمائش لاتے ہیں آپ کی اولاد' رزق' عزت' صحت میں۔اس لئے کہ آپ کتنی ثابت قدمی کا مظاہرہ کریں گے۔اس لئے ارواح یا عملیات سے فائدہ اٹھانے کے لئے ماہر عالموں سے ہی رابطہ کرنا بہتر ہوتا ہے۔ذرا سی بے احتیاطی آپ کو خطروں سے دوچار کر دیتی ہے۔

عمل: گھر میں ایک کمرہ مخصوص کرلیں اور ایک لٹھے کی چادر' سفید لٹھے کے کپڑے' کمرہ خالی اور سفید قلعی ہو۔اگربتی عود صندل کی ہو۔بہتر ہوگا بخور حاضرات سلگائیں تو ارواح جلد آتی ہیں۔سب سے پہلے آپ بطن' پاک کریں' حلال چیزوں کا استعمال کریں ہر وقت باوضو رہیں۔عمل کے علاوہ 41 دن درود شریف کا ورد رکھیں۔ہر جمعرات کو خصوصی اور ویسے مغرب کے وقت روزانہ ارواح کیلئے خصوصی دسترخوان بچھائیں یا قبرستان جا کر دعا و ہدیہ کریں۔اب منزل نثرہ میں اجب یا شرفائیل بحق یازا یا زکی 5995 مرتبہ وقت مقررہ پر روزانہ پڑھیں اور پرہیز جمالی لازمی رکھیں۔منزل نثرہ اگست میں بدھ 11 تاریخ کو 21-20 منٹ پر اور ستمبر میں بدھ 8 تاریخ کو 3.51 پر شروع ہوگی۔جب آپ عمل مکمل کر چکیں تو تیندوے کی کھال کا ٹکڑا لیں اُس پر زعفران کستوری عنبر کے ساتھ ریحان کی قلم سے یہی دعا لکھیں۔اب اس کو ظاہر لنگری میں پیس لیں مثل سرمہ اور چالیس دن جو پڑھا ہے وہی عمل 21 ہزار مرتبہ پڑھ کر منزل نثرہ میں سرمے پر دم کرلیں اور منزل نثرہ میں اس کو استعمال کریں آپ کو ارواح بے حجاب ملیں گی۔ان کاموں میں وہی کامیاب ہوتا ہے جو اپنے اُستاد کی دل و جان سے اطاعت قبول کرتا ہے اور تابعداری میں ہوتا ہے مگر اس کام کو کھیل نہ بنائیں ورنہ نقصان کا احتمال ہے احتیاط عمل کو لازماً رکھیں۔جب ارواح مانوس ہونگی تو یقین جانئے ہر جائز کاموں میں آپ کی مدد کریں گی۔اس عمل کو حاصل کرنے کے لئے بعض اوقات 4 چلہ بھی کرنے پڑتے ہیں ارواح قلب و ذہن کی صفائی کے حساب سے قرب کرتی ہیں۔خاص بات بعض اوقات ابلیس بھی ارواح کی شکل اختیار کرکے آتا ہے۔اگر ایسا ہو تو پہلے اعوذ پڑھ کر پھونک ماریں اگر ابلیس ہوا تو بھاگ جائے گا۔اگر ارواح ہوئیں تو قائم رہیں گی تب آپ اُن سے بات کرلیں۔عمل کے وقت گھر جگہ پاک ہو تصاویر اُس کمرے میں نہ ہوں باادب بیٹھیں پھول مٹھائی ہدیہ رکھیں دعا مانگیں پھر حاضری کا عمل کریں۔

عملیات مشتری

☆......ازتحریر: میاں جاوید اقبال۔ بدوملہی

حصار قطبی :اوج مشتری یا شرف مشتری میں عاملین مختلف اعمال کی زکات بھی ادا کرتے ہیں جو کہ ساری عمر قائم رہتی ہے اوج مشتری کے سعد اوقات میں ایک ایسا عمل پیش خدمت ہے جو کہ ایک چلتا پھرتا جادو ہے یہ عامل پر منحصر ہے کہ وہ اس سے کس طرح کام لیتا ہے۔ یعنی ایک یہی عمل ایک مکمل بستہ ہے۔ جس طرح چاہے اس سے کام لے ہر طرح سے فوراً اثر ہوگا۔ زکات کا آغاز پہلے سے کرے اور اختتام اوج مشتری کی مکمل نظر میں ہو تو عامل پھر تماشہ قدرت دیکھے کہ یہ کس طرح کا کام دے گا۔

طریقہ زکات : یہ حصار عاملین کیلئے تحفہ اکسیر ہے اور دیگر فوائد و عجائبات کے علاوہ محافظ بلیات ہے۔ اس حصار کے عامل کو اور کسی حصار کے عمل زکات کی ضرورت نہیں ہوتی اس کے فوائد بے شمار ہیں چند فوائد تحریر کرونگا ورنہ عامل عجائبات کا خود مشاہدہ کریگا۔ اس حصار قطبی کا طریقہ زکوٰۃ بڑا آسان اور سہل ہے کسی پنجشنبہ سے پڑھنا شروع کرے اور اوج مشتری میں اختتام کرے۔ بعد از نماز عشاء 14 مرتبہ اول و آخر ایک ایک مرتبہ درود تنجینا پڑھے۔ 21 یوم تک برابر پڑھتا رہے اکیسویں روز دودھ کی کھیر بنائے اور گیارہ نمازیوں کو کھلائے اور نبی پاک ﷺ کو ایصال ثواب کرے۔ پرہیز جمالی کرے کیونکہ یہ حصار باموکل ہے اور پڑھتے وقت سستی وغفلت نہ کرے۔ اگر سستی و کاہلی کا غلبہ ہو تو کھڑے ہو کر پڑھے اکیس یوم میں انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

حصار قطبی کے فوائد : حصار قطبی کے چند فوائد اور خواص درج ذیل ہیں۔

اس کے عامل کے روبرو جن و آسیب نہیں ٹھہر سکتا شکل دیکھتے ہی بھاگ جاتا ہے اور نام سنتے ہی کانپ اُٹھے گا۔ اگر مریض پر آسیب موجود ہو اور اس حصار کے عامل کا وہاں گزر ہو تو وہ جن یا آسیب حد ادب ملحوظ رکھتے ہوئے تعظیم کرے گا اور رخصتی کی اجازت چاہے گا۔ سحر زدہ آسیب زدہ کو عامل کوئی چیز 7 مرتبہ پڑھ کر دے تو سحر زدہ و آسیب زدہ فوراً شفایاب ہو جائے گا۔ اگر کوئی شخص کسی سخت مشکل و مہم میں پھنسا ہوا ہو تو اس عزیمت کو اول و آخر درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ مہمات سخت سے چھٹکارہ ہو جائیگا۔ اگر کسی شخص کا کوئی دشمن سخت و قوی ہو تو عامل قبر کہنہ کی مٹی پر سات مرتبہ پڑھ کر دے اور دشمن کے گھر میں ڈلوا دے انشاء اللہ دشمن زیر ہوگا۔ پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ عزیمت مذکورہ کے ساتھ کہے کہ فلاں بن فلاں کا دشمن زیر و مقہور ہو اور دشمنی سے باز آئے۔ اگر کسی شخص پر اس کا دشمن غالب ہو تو عامل کو چاہئے کہ نمک کی ڈلی پر 12 مرتبہ پڑھ کر دے اور طالب پانی میں نمک کی ڈلی کو ڈالے جوں جوں نمک پانی میں حل ہوگا دشمن نرم و زیر ہو کر معافی کا خواستگار ہو گا۔ مجرب و مصدقہ ہے اور آزمودہ ہے۔ اگر مرد و عورت میں کسی وجہ سے ناراضگی خفگی بڑھ کر تکرار کی نوبت اختیار کر لے تو عامل کو چاہئے کہ طالب سے میٹھی چیز منگوا کر اس پر تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے طالب مطلوب کو کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ ناراضگی و تکرار ختم ہو کر دونوں میں باہم محبت و الفت قائم ہوگی۔ اگر کسی شخص کی شہوت معدوم و مفقود ہو گئی ہو تو عامل کو چاہئے کہ طالب سے اصلی شہد اور عاقر قرحا اصلی منگوائے اور ہر ایک پر تین تین مرتبہ پڑھ کر دے طالب دونوں کو باہم ملا کر کھائے چند روز کے استعمال سے قوت مردمی و شہوت و ایستادگی مکمل ہوگی۔ خوراک 5 ماشہ کھلایا جائے۔ اگر کسی شخص کی روزی تنگ ہو اور مفلسی نے آ گھیرا ہو تو عامل کو چاہئے کہ اس حصار قطبی کا نقش طالب کو دے انشاء اللہ تنگدستی دور ہو کر فراخی رزق حاصل ہوگا۔ اگر کسی شخص کا گھوڑا بگڑ جائے اور سواری نہ کرنے دے تو عامل کو چاہئے تین مرتبہ گڑ یا آٹے پر پڑھ کر گھوڑے کو کھلائے فوراً سواری بٹھائے گا۔ اگر عامل کسی شخص پر 30 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور وہ شخص کسی خاص مہم پر جائے تو کامیاب لوٹے۔ اگر جنگ میں جائے تو ہر طرح کے زخم سے محفوظ و سلامت میدان جنگ سے واپس آئے۔ اگر کسی شخص کے پیٹ میں شدید درد ہو اور کسی طرح سے نہ رکتا ہو۔ ڈاکٹر اور حکیم عاجز آ چکے ہوں تو عامل کو چاہئے کہ تین مرتبہ نمک سیاہ پر دم کر کے دے اور درد زدہ کو کھلائے انشاء اللہ درد شکم فوراً دور ہوگا۔ اگر کسی شخص کی کمر میں درد شدید ہو اور مریض عاجز آ چکا ہو تو عامل کو چاہئے کہ سرسوں کے تیل پر 3 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور تیل سے کمر کی مالش کرائے انشاء اللہ درد فوراً ختم ہوگا۔ اس کا عامل اگر کسی حاکم کے پاس جائے تو وہ حاکم بصد احترام عزت و تکریم سے پیش آئے۔ اگر کسی شخص کو تپ دق یا تپ لرزہ ہو تو عامل اس عزیمت کو 3 مرتبہ پانی پر پڑھ کر پلائے انشاء اللہ تپ دق و لرزہ دور ہو جائے گا۔ اگر کسی شخص کو شب کوری یعنی رتوندا پن کا مرض ہو رات کو یا دوپہر کو نہ دیکھتا ہو تو عامل کو چاہئے کہ پچاس مرتبہ عزیمت مذکورہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے مریض کی آنکھوں پر دونوں ہاتھ پھیرے انشاء اللہ شب

کوری کا مرض جاتا رہے گا۔☆ استخارہ کیلئے اکسیر مجرب و آزمودہ ہے۔ اگر عامل کسی امر کے بارے میں استخارہ کرنا چاہے تو رات کو سوتے وقت ایک مرتبہ پڑھ کر داہنی کروٹ لیٹ کر سو رہے انشاءاللہ پہلی ہی شب میں جواب باصواب حاصل ہوگا۔☆ اگر کسی شخص کو بلیات نظر آتی ہوں تو عامل کو چاہئے کہ عزیمت مذکورہ یا نقش آیت مذکورہ لکھ کر دے انشاءاللہ محفوظ و مامون رہے گا۔☆ اس عزیمت کا عامل ظلم ظالم جبر حاکم وسوسہ شیطان اذیت جنان سے اور تیر و تیغ و نیزہ کے وار سے۔ آب و ہوا' آتش و باد کی مار سے سحر واثر دیو پری وگودم و مار سے شیر درندہ وفیل بدمست سے ہر قسم کے اعمال کی رجعت سے جملہ بلیات سے وناگہانی آفات سے محفوظ و مامون رہیگا۔ صبح و شام بعد نماز فجر و مغرب ایک ایک بار پڑھتا رہے۔☆ اس عزیمت کا عامل اگر کسی دو ماہ سے ساڑھے تین ماہ کی حاملہ عورت کو 7 مرتبہ شربت پر پڑھ کر دم کر کے پلائے تو انشاءاللہ اولاد نرینہ پیدا ہوگی اور اگر بانجھ عورت کو ایام سے فراغت کے بعد 3 مرتبہ پانی پر پڑھ کر دم کر کے پلائے اسی طرح تین ماہ تک پلائے انشاءاللہ بانجھ پن دور ہوگا اور وہ عورت صاحب اولاد ہوگی۔☆ اگر کوئی عورت بدکار' بدکردار ہو تو عامل اس بدکارہ کو ایک مرتبہ شرینی پر دم کر کے پلائے متواتر سات روز تک انشاءاللہ وہ عورت نیک اور صالح ہوگی۔☆ اگر کسی پر سحر سفلی کیا گیا ہو تو اس عزیمت کو تین مرتبہ مریض کو سامنے بٹھا کر با آواز بلند پڑھے متواتر تین روز عمل کرے انشاءاللہ سحر سفلی دور ہوا اور مریض صحت یاب ہوگا آزمودہ ہے۔☆ اس عزیمت کو لکھ کر باندھے آئندہ انشاءاللہ سحر سفلی وعلوی وغیرہ سے محفوظ و مامون رہے۔☆ اگر کسی شخص کا جانی دشمن قوی ہو تو کچھ خاک مسجد کی لے اور تھوڑی تھوڑی سات مرتبہ خانہ دشمن میں ڈالے اور ہر مرتبہ 13 مرتبہ عزیمت پڑھے انشاءاللہ دشمن کا خانہ خراب ہوگا اور مظلوم کو فتح و نصرت کاملہ ہوگی۔☆ اگر اس عزیمت کا عامل کسی گریختہ کو بلانا چاہے تو عامل کو چاہئے کہ مکان کے چاروں کونوں میں 13-13 مرتبہ پڑھ کر دم کرے تین روز تک یہ عمل کرے انشاءاللہ گریختہ فی الفور واپس آئے گا۔ عزیمت یہ ہے۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ یَا مِیْکَائیْلُ یَا مِیْکَائیْلُ یَا مِیْکَائیْلُ مِن بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُعَاسًا یَغْشٰی طَائِفَةً مِّنْکُمْ وَ طَائِفَةٌ یَا رَفْتَمَائیْلُ یَا رَفْتَمَائیْلُ یَا رَفْتَمَائیْلُ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ یَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَیْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِیَّةِ یَاسَرْطَائیْلُ یَا سَرْطَائیْلُ یَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ o قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ کُلَّهٗ لِلّٰهِ یُخْفُوْنَ فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّالَا یُبْدُوْنَ لَکَ ط یَقُوْلُوْنَ لَوْ کَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا یَا اِمْرَائیلُ یَا اِمْرَائیْلُ یَا اِمْرَائیْلُ هٰهُنَا ط قُلْ لَّوْ کُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِکُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ کُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقَتْلُ یَا اِسْرَافِیْلُ یَا اِسْرَافِیْلُ یَا اِسْرَافِیْلُ اِلٰی مَضَاجِعِهِمْ وَلِیَبْتَلِیَ اللّٰهُ مَا فِیْ صُدُوْرِکُمْ یَا دَرْدَائیْلُ یَا دَرْدَائیْلُ یَا دَرْدَائیْلُ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِکُمْ ط وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ o اَهِیًا اَشْرَاهِیًا عَلِیْقًا مَلِیْقًا طَلِیْقًا خَالِقًا مَخْلُوْقًا بِحَقِّ کٓهٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ o بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَا اللّٰهُ یَا اللّٰهُ یَا اللّٰهُ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا کَرِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَا سَتَّارُ یَا سَتَّارُ یَا سَتَّارُ وَسَلِّمْ کَثِیْرًا کَثِیْرًا o بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ o

بہار مشتری

2004 ایک اہم ترین سال ہے جس میں زہرہ کو 3 اوج اور ایک شرف کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔ جس کی وجہ سے جناب محترم شاہ زنجانی صاحب نے اس سال کو محبت اور انعام کا سال قرار دیا ہے کیونکہ 2004 کا مفرد عدد 6 بھی محبت کی علامت ہے اور زہرہ کا عدد بھی ہے اس سال کا اہم ترین واقعہ مشتری کو اوج کی سعادت حاصل ہونا ہے۔ جس کے متعلق تمام قارئین آئینہ قسمت گزشتہ کئی ماہ سے منتظر ہیں۔ اب انتظار کی گھڑیاں ختم ہوگئیں ہیں میرے کئی ایک دوست اس کے متعلق اتنا کچھ لکھ چکے ہیں کہ آئینہ قسمت کے ہر قاری کو معلوم ہو چکا ہے اوج مشتری کی خصوصیت' افادیت اور اہمیت کس قدر ہے اور یہ اس سے کس طرح کی سعادت ملتی ہے۔ اس کے متعلق بحث فضول ہے لیکن میرے دوست میری ایک گزارش کو ذہن میں رکھیں کہ نگینہ وہ اٹھانا جو انگوٹھی میں فٹ آجائے کیونکہ یہ تجربات کا وقت نہیں اس کو دوبارہ پانے کیلئے 12 سال کا عرصہ درکار ہے جو کہ قدرت ہی بہتر جانتی ہے کہ زندگی میں دوبارہ اس کا موقع ملتا ہے یا کہ نہیں اس لئے یہ وقت انتہائی سوچ و بچار کا ہے دعوؤں کا نہیں لہٰذا جو بھی قدم اٹھائیں ہزار مرتبہ سوچ سمجھ کر' اوج مشتری میں حصول مال و دولت کے علاوہ حُب کے اعمال بھی تیار کئے جاسکتے ہیں اسکے علاوہ سب سے اہم خصوصیت اس عرصہ میں کسی عمل کی زکات دینے سے وہ بارہ سال قائم رہتی ہے اسی وجہ سے کئی عامل حضرات خصوصاً اس موقع کو ہاتھ سے جانے نہیں دیتے یہ انتہائی قیمتی گھڑیاں ہیں جن کو ضائع کرنا کفران نعمت ہے۔ اوج مشتری کے موقع پر مختلف قسم کی الواح تیار کی جاتی ہیں آج میں ایک ایسا عمل آپ کے سامنے لا رہا ہوں جو کہ قواعد سے ہٹ کر ہے لیکن اس کو تیار کرنے

کے بعد آپ یہ محسوس نہیں کریں گے کہ میں نے یہ موقع کھو دیا ہے یا ضائع کر دیا ہے کیونکہ کوئی دوسرا تجربہ کرنے کیلئے پھر بارہ سال کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قواعد سے ہٹ کر لیکن اس کی تعریف آپ استعمال کے بعد ہی کریں گے۔ لفظ ''جلب قلب'' جس کو حب کے اعمال میں کشش یا کھنچاؤ کیلئے استعمال کیا جاتا ہے بلکہ زمانہ قدیم سے یعنی ارسطو کے زمانہ سے حب کیلئے استعمال کیا جاتا رہا ہے اور یہ کہنا درست ہوگا کہ یہ ایک طلسمی لفظ ہے اور حیرت انگیز طور پر کام کرتا ہے۔ احقر اس لفظ کا مشاہدہ بارہا مرتبہ کر چکا ہے جتنی کشش اس میں پائی جاتی ہے شاید ہی کسی دوسرے طریقہ میں ہو۔ اب جس عمل کی طرف میں اشارہ کر رہا ہوں انہی الفاظ کو ہم مال و دولت کیلئے استعمال کریں گے جو کہ حیرت انگیز طور پر سریع التاثیر ہے اور بہت سی خوبیوں کی مالک ہے یہ لوح مکمل طور پر آیت یغنیھم اللّٰہ من فضلہ کی بنے گی۔ بہر حال توجہ رکھیں لوح کو تیار کرنے کیلئے درج ذیل نقاط کو سامنے رکھنا ہوگا اس عمل کو تیار کرنے سے پہلے شاہ زنجانی صاحب سے اجازت نامہ ضرور حاصل کریں ورنہ تمام محنت رائیگاں نہ ہو جائے۔ اول نقش کے چاروں اضلاع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے بنائیں اور کونوں میں قولہ الحق ولہ الملک لکھیں۔

(1) طالب : جرار جاوید : ۴۲۸
(2) مطلوب : مال و دولت لاؤ یا منعم : ۷۵۴
(3) مقصد : جلب قلب : ۱۶۷
(4) آیت قرانیہ : یغنیھم اللّٰہ من فضلہ : ۲۱۸۶

اس نقش کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ طالب مطلوب مقصد سر لوح آ جاتے ہیں اور نقش مکمل طور پر آیت یغنیھم اللّٰہ من فضلہ کا بنتا ہے اس میں سب چیزیں جمع کر کے بھی جس طرف سے چاہیں جمع کریں آیت یغنیھم اللّٰہ من فضلہ کے اعداد ہی نکلیں گے۔

۷۸۶
صرفیائیل

جرار جاوید ۴۲۸	جلب قلب ۱۶۷	مال و دولت لاؤ یا منعم ۷۵۴	۸۳۷
۷۵۶	۸۳۵	۴۳۰	۱۶۵
۸۳۳	۷۵۰	۱۷۱	۴۳۲
۱۶۹	۴۳۴	۸۳۱	۷۵۲

السید شمہورش

اس کے بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ نقش ذوالکتابت بنے گا آپ سر لوح خانوں میں صرف نام وغیرہ لکھیں اعداد نہیں۔ خانہ اول میں نام طالب (جرار جاوید) لکھیں خانہ دوم سوم اور چہارم میں دو دو کا اضافہ کر کے پر کریں یہ عمل پہلے پیپر ورک ہوگا بعد میں اس کو چاندی کی پلیٹ پر آسانی سے اُتار لیں۔ اس میں خانہ اول، گیارھواں اور چودھویں کے اعداد کو جمع کر کے آیت قرانی کے اعداد ۲۱۸۶ سے نفی کریں اور باقی کو آٹھویں خانہ میں لکھیں۔ مثال کے مطابق

جرار جاوید + جلب قلب + مال و دولت لاؤ یا منعم

۴۲۸ + ۱۶۷ + ۷۵۴ = ۱۳۴۹

۲۱۸۶ـ۱۳۴۹ = ۸۳۷


اب ۸۳۷ کو آٹھویں خانہ میں لکھیں پھر اس میں سے ۶ نفی کر کے پانچویں خانہ سے آٹھویں خانہ تک دو، دو کے اضافہ سے پر کریں گے۔ اب گیارہویں خانہ کے اعداد ۷۸۴ سے ۴ عدد نفی کر کے نویں خانہ سے بارہویں خانہ تک دو، دو کے اضافہ سے پر کریں۔ اب چودھویں خانہ کے اعداد ۱۶۷ سے ۲ اعداد نفی کر کے دو، دو کا اضافہ کر کے نقش کو مکمل کریں۔

اب نقش کے کسی چار خانوں کے اعداد کو جمع کر کے دیکھیں جواب ۲۱۸۶ آتا ہے تو نقش درست ہے۔ نقش کی الٹی سمت طلسم مشتری اُتاریں اور سات رات آیت مبارکہ یغنیھم اللّٰہ من فضلہ ۲۱۸۶ مرتبہ پڑھ کر دم کریں یہ عمل سات رات مسلسل کریں اور صدقہ دیں اور عود کی دھونی دے کر استعمال کریں انشاء اللہ بعد میں اس فقیر کو دعا ضرور دیں اور ساری عمر عیش و عشرت سے گزاریں۔

رفتار نقش

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

طلسم مشتری



عمل نمبر2

وہ حضرات جو درج بالا عمل نہیں کر سکتے اور انتہائی کسمپرسی کی زندگی بسر کر رہے ہیں وہ درج ذیل مخمس ذوالکتابت کو چاندی کی لوح پر اتار لیں انشاء اللہ چند دنوں میں ان کی زندگی میں انقلاب آ جائے گا۔ مخمس درج ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

یا فتاح	ولقد مکنکم فی الارض	فیھا معایش	وجعلنا لکم	یا رزاق
۵۱۸	۳۲۰	۵۰۱	۱۴۲۸	۲۵۱
۱۴۲۹	۲۴۷	۵۱۹	۳۲۱	۵۰۲
۳۲۲	۵۰۳	۱۴۳۰	۲۴۸	۵۱۵
۲۴۹	۵۱۶	۳۱۸	۵۰۴	۱۴۳۱

چال

۱	۲۵	۱۹	۱۳	۷
۱۴	۸	۲	۲۱	۲۰
۲۲	۱۶	۱۵	۹	۳
۱۰	۴	۲۳	۱۷	۱۱
۱۸	۱۲	۶	۵	۲۴

اوج مشتری حصول مال و دولت کا ذریعہ

☆......حکیم غلام سرور شباب۔ حویلی لکھا


انسان زندگی بھر خوش قسمتی اور بد قسمتی دونوں طاقتوں سے نبرد آزما رہتا ہے۔ خوش قسمتی کیلئے خوش اُمیدی کا ہونا ضروری ہے۔ خوش اُمیدی ہی ایک ایسی قوت ہے جو خوش بختی لا سکتی ہے اور بد قسمتی کا مقابلہ کر سکتی ہے۔ خوش قسمتی کا مطلب ہوتا ہے کہ ایسا کوئی خارجی اثر ظاہر ہو جس سے مال و دولت' بغیر کسی سعی کے یا ممکنہ ذرائع سے بغیر تحقیق اسباب کے حاصل ہو جائے۔ دور جدید میں جہاں ضروریات زندگی بہت بڑھ گئی ہیں وہاں زمانہ نے حصول مال کے کاروبار کے علاوہ بہت سے ذرائع بھی پیدا کر دیئے ہیں مثلاً لاٹری کے ٹکٹ خریدنا' معمہ بھرنا' شیئرز خریدنا' بینکوں کی اسکیمیں یا اور بھی گورنمنٹ کی ایسی اسکیموں میں حصہ لینا جن سے روپیہ مل سکے' ہر شخص کی خواہش ہوتی ہے کہ ان میں حصہ لے اور اکٹھا روپیہ حاصل کر سکے۔ بعض ایسے لوگ بھی ہیں جو کاروبار ایسا کرتے ہیں جن میں بڑے پیمانے پر نقصان کا احتمال ہوتا ہے یا ہارنے کے امکانات بھی ہوتے ہیں تو ان کو ایسے طلسمی الفاظ کی قوتوں کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے جو مشتری سے تعلق رکھتے ہیں۔


یاد رہے کہ دنیا میں بہت کم ایسے بچے ہوتے ہیں جن کے منہ میں سونے کا نوالہ شروع سے ہوتا ہے۔ غالب اکثریت مال و دولت کے حصول کے لئے زمانہ کی موافقت اور ذرائع کے موثر اسباب ہی کے ذریعے اپنا مقدر بناتے ہیں۔ بہت سے لوگ ہیں جو یہ نظریہ رکھتے ہیں کہ کوئی قوت ان کے خلاف کام کر رہی ہے اور بعض اوقات یہ کہتے ہیں کہ میرے ساتھی بہت کھاتے کماتے ہیں۔ ہم اب تک ایسی حالت میں ہیں کہ گزارہ نہیں ہوتا۔ دوسروں کی ترقی ہوتی ہے ہماری ترقی عرصے سے رکی ہوئی ہے گویا مالی لحاظ سے بہت کمزور ہیں۔ یاد رکھیں کہ یہ دنیا اسباب کی دُنیا ہے اگر زندگی کی ایک لائن فائدہ نہیں دیتی تو اسے بدل دیں۔ زندگی بھر خراب حالات میں رہنا کوئی عقلمندی نہیں ہے۔ اس اسباب کی دنیا میں اسباب ہی تلاش کرنا اور انہیں اختیار کرنا پڑتا ہے۔ اگر ایک بنجر زمین میں نہر نکال دی جائے تو کیا وہاں کے لوگوں کی قسمت نہ بدل جائے گی؟ ضرور بدلے گی گویا اس زمین کے لئے نہر ہی بہتر سبب تھی۔ دنیا میں اکثر ایسی اشیاء ہیں جو خوش بختی سے وابستہ ہیں مثلاً سونا ایک قیمتی دھات ہے اس کا حصول خوش بختی گنا جاتا ہے۔ بعض پتھر ہیں انہیں نگ کے طور پر انگشتری میں پہنیں تو زندگی بنتی ہے۔ ایسے ہی اسباب میں ایک اور سبب یہ ہے کہ روحانی علوم کے ذریعہ قسمت کو تبدیل کیا جائے۔ مناسب وقت' مناسب دھات' مناسب رنگ اور مناسب اعداد و آیات قرآنیہ کے امتزاج سے ایسی الواح تیار کی جا سکتی ہیں جو بلحاظ ضرورت' بلحاظ تحفظ' بلحاظ قوت ایسا اثر دیتی ہیں جو جذب کی قوت لاتی ہیں۔ ذرائع اور اسباب مہیا کرتی ہیں حتیٰ کہ آدمی صاحب مال یا صاحب قوت ہو جاتا ہے دانشمندی کا تقاضا ہے کہ تجربات علم اور ادراک کی قوتوں سے کام لے کر ان تمام اسباب کو اپنایا جائے جو خوش قسمتی لاتے ہیں اور جب تک یہ نہ جانیں گے کہ وہ کون کون سے اسباب ہیں جو خوش قسمتی لاتے ہیں یا خوش قسمتی سے وابستہ ہیں تب تک، بد قسمتی اگر گھیرے تو تعجب کی بات نہیں ہوگی۔ ہر کوکب کی قوت الگ ہوتی ہے ان میں سے مشتری مال و دولت' مالی وسعت اور ترقی کا حاکم ہے۔ اسے ہر بارہ سال بعد شرف ہوتا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی شخص مالی لحاظ سے انتہائی بد قسمت ہے' اس کی بد قسمتی کو بدلنا چاہیں تو کافی

انتظار کرنا پڑتا ہے۔ اگر کوئی شخص مدتوں قرض میں گرفتار ہو' باوجود آمدن رکھنے کے ہمیشہ بتلائے فکر و افلاس رہے تو سوائے مشتری کی قوتوں کے اور کسی کوکب کی قوت سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ اگر کوئی شخص اتنا بدقسمت ہے کہ وہ خود کما نہیں سکتا لیکن باپ دادا کی جائیداد برباد کر رہا ہے تو یا کسی پر ایسی مالی مصیبت آ گئی ہے کہ جائیداد ہاتھ سے نکل جانے کا احتمال ہے یا کوئی ایسی جائیداد یا کاروبار کا مالک ہے کہ روپیہ نہ ہونے کی وجہ سے فائدہ مند ہیں اٹھا سکتا' بالکل اسی طرح کہ جس طرح زمیندار کے پاس زمین ہو مگر بیج نہ ہو تو زمین اسے آمدن نہ دے گی۔ اسی طرح وہ جائیداد کے فائدہ سے محروم ہے تو ہمیں مشتری کی طاقتوں سے مادہ مہیا کرنا ہوگا جس طرح سونا تمام دھاتوں میں قیمتی ہے اگر امیر آدمی کی جیب میں ڈال دیں تو اسے خوشی دے گا اور غریب آدمی کی جیب میں ڈال دیں تو اسے بھی خوشی دے گا۔ ہر دو اس کی فروخت سے یکساں مال حاصل کریں گے' اسی طرح مشتری سونا لانے کا سبب ہے یہ سبب جس شخص کے ہاتھ ہوگا خواہ وہ غریب ہو یا امیر وہ اس سے یکساں فائدہ اٹھائے گا گویا ایک کیمیا کا نسخہ ہے جس کے ہاتھ لگ گیا وہ اس سے مال و دولت کثیر پائے گا۔

اوج مشتری میں الواح صرف سونے اور چاندی کی مدور یعنی گول ٹکڑے پر تیار کی جائیں تاکہ بطور لاکٹ گلے میں استعمال کی جا سکیں' جو لوگ سونے کی استطاعت نہ رکھتے ہوں وہ چاندی پر تیار کریں اور چاندی کی الواح پر سونے کا پانی بھی چڑھوا سکتے ہیں' یہ لوح کاغذ پر تیار نہ ہوگی کیونکہ یہ عمل ساری زندگی کام دیتا ہے لہٰذا دھات پر تیار کرنا ہی مفید رہتا ہے اور دھات پر قوی الاثر بھی ہوتا ہے۔

شرف اور اوج مشتری کی لوح تیار کرنے کا اپنے برسوں سے آزمودہ طریقہ کا اظہار کر رہا ہوں۔ اگر آپ اپنے لئے' اپنے بچوں کے لئے' اپنی بیوی کے لئے ضروری سمجھیں تو تیار کر لیں۔ ممکن ہے کہ اللہ پاک اس کی برکت سے آپ کی زندگی بنا دے' اگر آپ فراخی رزق' ترقی' ذریعہ آمدن یا غیر متوقع روپیہ کا حصول چاہتے ہیں اور زر و مال کی خواہش ہے اور قادر مطلق سے اس کے عطا کردہ علم کے ذریعہ خوش بختی کی توقع کرتے ہیں تو اس موثر وقت سے فائدہ اٹھائیں ورنہ بارہ سال بعد ہی موقع آئے گا' وقت گزرنے پر کف افسوس ہی ملنا ہوگا۔ زمانہ قدیم میں علمائے جفر مخصوص وقت میں اس کی لوح کا مٹی کا سانچہ بنوا لیتے تھے اور موثر وقتوں میں اس میں الواح ڈھال لیتے تھے۔ اوج کے وقت دھات کے ٹکڑے پر کندہ کریں یا ڈائی میں دھات کا ٹکڑا ڈال کر تیار کریں دونوں طرح درست ہے۔ اوج مشتری کے عمل میں ایک دعا: حضرت یوسف علیہ السلام کی یغنیھم اللہ من فضلہ ترجمہ: اے اللہ مجھے اپنے فضل سے غنی کر دے'' (سورۃ نور آیت ۳۳)





اس میں مشتری کے طلسمات ہیں۔ مشتری کے موکلات اور اعوان ہے اوج مشتری کی لوح کے دونوں اطراف تحریر کر رہا ہوں۔ نقش کے اعداد ۲۱۸۶ ہیں اور یہ اعداد مذکورہ بالا آیت کے ہیں اوپر موکل مشتری صرفیائیل ہے اور عدد ۷۸۶ نیچے اعوان السید شمھورش کا نام ہے اور پشت پر موکل لوح وفقغفائیل اور طلسمات مشتری اور دعائے غنا ہے۔ لوح تیار کرتے وقت لوبان اور اچھی خوشبو روشن کریں اور لوح تیار کر کے اسے خوشبو لگا کر اپنے پاس رکھیں' پرس یا بٹوہ

میں رکھیں یا بطور لاکٹ گلے میں پہن لیں۔ لوح کو کسی چیز میں بند کروانا چاہیں یا کنڈا لگا کو گلے میں لاکٹ بنا کر استعمال کرنا چاہیں تو کرسکتے ہیں لیکن جمعرات کے دن کے سوا اور کوئی دن بند کروانے یا لاکٹ بنوانے کے لئے انتخاب نہ کریں۔ لوح پہن کر حسب توفیق صدقہ دیں۔ اس لوح کی تاثیر سے حامل لوح جس کی گردن میں یہ لوح آویزاں ہوگی دُنیا میں خوش وخرم رہے گا۔ مال و دولت کثیر پائے گا' اقبال اس کا دن بدن ترقی کرے' اس سے بہت کمائے' روزی بے حد فراخ ہوگی' روپیہ مختلف بہانوں سے آئے گا' انعامات کی اسکیموں میں حصہ لے تو زائد آمدن کے لئے قسمت کھل جائے۔ مختلف لوگوں پر قسمت کھلتے وقت روپیہ مختلف عرصہ میں آئے گا پھر لوح کے اثرات سے بدقسمتی' اور غربت کی مدت بھی کم ہوتی جائے گی۔ اللہ پاک نے جو مسبب الاسباب ہے اس عالم سفلی کو عالم اسباب قرار دیا ہے۔ لہٰذا جب تک مناسب سبب اختیار نہیں کیا جاتا اس کا فائدہ نہیں ہوتا' ملازمت نہ کریں گے یا کاروبار نہ کریں گے تو اس سے جو مالی منافع وابستہ ہے وہ نہ ملے گا اس عالم اسباب میں ظہور اسباب و حدوث و حادثہ کو بمقتضائے آبائے علوی گردانا گیا ہے کیونکہ اللہ پاک نے فرمایا ہے۔

وَالنجومُ مسخرَاتِ بِامرِہ

ترجمہ: یہ کواکب اللہ کے خاص امر کے پابند ہیں۔

اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ ان کے اندر کچھ خاص اثرات ہوتے ہیں۔ علمائے روحانیت نے کواکب کی تاثیرات معلوم کیں کہ کس کوکب میں اللہ پاک نے کس قوت کا امر ڈالا ہے تو مشتری کو کوکب مال و دولت گردانا گیا۔ لہٰذا ضرورت مال میں جب گردش فلکی میں وضع کواکب کو اس امر کا متقضی دیکھتے ہیں تو خاص وقت میں مادہ مہیا کر کے اس پر پورا اثر آبائے علوی کا اتار لیتے ہیں نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ آثار قدرت کاملہ الٰہیہ سے ظہور اثر کا سبب ہو جاتا ہے جس کا تفصیلاً ذکر کر چکا ہوں۔

لوح اوج مشتری باموکل

☆.....از تحریر: ندیم حیدر جعفری۔ کراچی

شرف مشتری یادِ ماضی بن چکا' اب اوج مشتری کی آمد ہے۔ پروفیشنل اور کاروباری نجومی حضرات نے اس موقع کو غنیمت جانتے ہوئے اپنی اپنی دکانیں سجالی ہیں۔ بازاروں اور گلیوں میں لوح مشتری آلو بینگن کے بھاؤ بکنے لگی ہے۔ ہمیں کسی کے عامل ہونے نہ ہونے سے کوئی غرض نہیں ہے۔ البتہ آئینہ قسمت سے دلی لگاؤ کے عوض اتنا کہنا فرض سمجھتا ہوں (اور حق بات کہنا نیکی ہے) کہ شائقین لوح مشتری اپنی لوح بنوانے سے پہلے اپنے قلب وذہن سے یہ اطمینان کر لیں کہ آپ نے درست عامل کا انتخاب کیا ہے کیا وہ حروف تہجی کی زکات دے چکا ہے؟ کیا وہ جفری عملیات کے قواعد وضوابط پر عبور رکھتا ہے۔ اگر ان امورات میں آپ مطمئن ہیں تو دیر نہ کریں کہ یہ سنہری موقع پھر 12 سال بعد میسر ہوگا۔ مثل مشہور ہے کہ بارہ سال بعد تو کوڑی کے بھی دن بدلتے ہیں دراصل اس ضرب المثل کا تعلق مشتری کے بارہ سال بعد ہونے والے اوج سے ہے۔

سیارہ مشتری دائرۃ البروج میں برج قوس کا حاکم اور برج حوت کا ثانوی حاکم سیارہ ہے۔ سبعہ سیارگان میں سعد اکبر کی بحیثیت رکھتا ہے۔ مالی معاملات' دولت' ذرائع آمدن اور کلی طور پر سرمایہ (دھن و دولت) کا حاکم ہے۔ عزت' شہرت' دولت غرضیکہ ہر شعبہ ہائے زندگی میں اعلیٰ مقام دلانے والا سیارہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ زمانہ ماضی میں اہل ہنود اندرا دیوتا اور اہل یونان دیوتا زحل کا بیٹا زیوس جان کر اس کی پوجا کرتے رہے ہیں۔ سیارہ مشتری جب دورۂ فلک کرتا ہوا برج میزان کے 2 درجہ سے گزرتا ہے تو بحالت اوج ہوتا ہے۔ انشاء اللہ یہ سعد وقت آپ کی مالی زندگی کی کایا پلٹ سکتا ہے۔ عاملین اس میں حصول دولت' نصیب کشائی' فراوانی رزق' مالی آسودگی' عزت' شہرت اور حصول انعامات نیز روحانی اور قانونی معاملات میں کامیابی کے لئے قرآنی عملیات تیار کرتے ہیں۔ ایسے صاحبان بصیرت جو ایسے نایاب اوقات کی قدر و منزلت سے آگاہ ہیں طلسمات مشتری اور خصوصی طور پر لوح مشتری کیلئے ہمہ تن مصروف ہیں۔ میرے وہ اہل وطن جو تمام زندگی غربت و افلاس' تنگدستی و مفلسی ناداری و بے چارگی کے ہاتھوں ہست سے نیست ہوتے رہے ہیں انہیں دعوت عمل دیتے ہیں "خوش قسمتی آپ کے دروازے پر دستک دے رہی ہے۔ خواب غفلت سے بیدار ہو کر اسے خوش آمدید کہئے قدرت کے اس انعامی بابرکت وقت میں سادہ سا قرآنی جفری عمل تیار کیجئے اور رزق و دولت عزت و شہرت جاہ و حشمت اور ترقی درجات سے مالا مال ہو کر مقدر کے سکندر بن جایئے۔ علمائے روحانیات لکھتے ہیں کہ اوج مشتری کی تنجیم کردہ لوح جس کے پاس ہوتی ہے روپیہ و دولت (بحکم خدا) اس پر عاشق و فریفتہ ہوتے ہیں جفر آثار کا ایک مجرب عمل لکھ رہے ہیں بصد شوق تجربہ فرمایئے لیکن یہ عمل صرف وہ مہربان تیار کریں جو حروف تہجی کی زکات کے عامل ہیں۔ زکات یافتہ نہ ہونے کی صورت میں صاحب علم سے رجوع کریں ورنہ بے اثری کا شکوہ ہوگا۔

تشریح العمل: اوج لوح مشتری میں ہم آیت مبارکہ "اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشآء" کی روحانیت سے کام لیں گے۔ آیت مبارکہ بسط حرفی کریں پھر نام مع والدہ بسط حرفی کریں دونوں کو (آیت + نام) باہم امتزاج دیں اور ہر پانچواں حرف گنتی کر کے اٹھاتے جائیں (کیونکہ مشتری کا مفرد عدد 5 ہے) ان حروف کو دو یا سہ حرفی جوڑ کر کلمہ ائیل لگائیں یہ موکل ہونگے۔ ہر صورت چار موکلات حاصل کریں اور لوح کے چاروں اطراف لکھ دیں۔ (تمام عمل کا پیپر ورک قبل از وقت بنالیں) اب امتزاجی سطر کے اعداد سے مثلث پر کریں مثلاً آیت مبارکہ

اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشآء

طالب نام معہ والدہ　علی سجاد بن مریم بی بی

بسط حرفی آیت: ا ل ل ہ ل ط ی ف ب ع ب ا د ہ ی ر ز ق م ن ی ش ا
= ۱۹۹۷ اعداد

بسط حرفی نام: ع ل ی س ج ا د ب ن م ر ی م ب ی ب ی = اعداد ۵۴۴

امتزاج: ا ع ل ل ل ی ہ س ل ج ط ا ی د ف ب ب ان ع م ب ر ا ی د
ا ہ ب ی ی ر ب ز ی ق م ن ی ش ا

اٹھائے گئے حروف　ل ج　ف م　د ی　ق ا

لجائیل　فمائیل　دیائیل　قائیل

اب آیت مبارکہ کے اعداد ۹۹۷+۵۴۴=۱۵۴۱

۱۵۴۱-۱۲=۱۵۲۹÷۳=۵۰۹ باقی ۲ کسر ۶ خانہ میں

ان اعداد سے مندرجہ ذیل رفتار سے نقش مثلث پر کرنا ہے۔

رفتار نقش

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

۷۸۶

لجائیل

۵۱۵	۵۰۹	۵۱۷
۵۱۶	۵۱۴	۵۱۱
۵۱۰	۵۱۸	۵۱۳

فمائیل　قائیل


دیائیل

تیاری عمل: اوج مشتری کے اندر مشتری ہی کی ساعتوں کا انتخاب کریں۔ رجال الغیب کو مدنظر رکھیں۔ سبز روشنی کا اہتمام کریں سر پر سبز رومال یا چادر لیں۔ بخورات مشتری حب الفار صندل سرخ عود و عنبر کو ملا کر کوئلوں پر ڈالیں تا کہ دھواں اُٹھے۔ لوح مشتری کیلئے جتنی عمدہ دھات ہوگی اتنی ہی موثر ہوگی۔ پاکیزہ کیل سے لوح کندہ کریں اور لوح کو سامنے رکھ کر 110 مرتبہ مذکورہ بالا آیت ورد کریں اور دم کریں۔ پھر حسب توفیق مٹھائی پر نیاز چہاردہ معصومینؑ دلوا کر بانٹ دیں اور لوح مبارکہ کو معطر کر کے سبز ریشمی کپڑے میں سی کر پاس رکھیں۔ عمل کی تیاری کے بعد کم از کم گیارہ روز تک مذکورہ آیت یا اپنے نام کے اعداد کے مطابق ورد کریں۔ خدا گواہ ہے آپ چاہے سات پردوں میں ہوں رزق و دولت آپ کو تلاش کرتے ہوئے پہنچ جائے گا۔ جنکا آپ گمان بھی نہیں کر سکتے۔ تمام عمل تفصیل سے لکھ دیا ہے خدا آپ کا حامی و ناصر ہو۔ محترم شاہ زنجانی و زنجانی برادران کی ترقی و صحت کیلئے اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

لوح وسعت رزق

☆......ازتحریر: زوار ملک نیر عباس علوی۔لاہور

۷۸۶



فلاں بن فلاں را عزت دولت شہرت حاصل شود۔

مکرمی شاہ زنجانی صاحب کے فرمان کے مطابق دوبارہ خاص وقت "اوج مشتری" کے مبارک موقع پر اپنی مجرب خاص الخاص لوح حاضر خدمت ہے۔ اس مبارک وقت سے توفیق خدا سے ہی فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ لہٰذا ہر وقت محمدؐ و آل محمدؐ پر درود شریف پڑھیں اور ان کے فرزند ارجمند کی درازی عمر کیلئے دعا گو رہیں جن کے طفیل ایسے ایسے نایاب جواہر منظر عام پر آ رہے ہیں۔

طریقہ زکات خاص اسم یا وھاب: آپ نوچندی جمعرات 7 شعبان المعظم کی عصر سے اس زکات خاص کی ادائیگی کا اہتمام کریں یہ زکات 7 یوم پر مشتمل ہے۔ جو 23 ستمبر 2004 تا

29 ستمبر 2004 تک ادا کی جائے گی۔ اب آپ اس لوح کو اپنے لیے خود بنانے کے حقدار ہو گئے۔ انشاء اللہ یہ لوح اپنی روحانیت سے آپ کے بگڑے ہوئے کاموں، بندش، سحر و آسیب کو دفع کر دے گی۔ روحانی خوشی و مسرت ملے گی۔ کاروبار کی رکاوٹ ختم ہو جائے گی یا کسی اچھے سے کاروبار کے اسباب من جانب اللہ رب العزت بنیں گے۔ آپ نے جو پڑھائی روزانہ کرنی ہے وہ ایک جدول کے ذریعے دی جا رہی ہے تاکہ آسانی سے ہر کسی کی سمجھ میں آ جائے۔

جدول طریقہ زکات

اسم الٰہی	حروف	صغیر	کبیر	اکبر	اکبر کبائر	زکات
وھاب	۴	۱۴	۵۶	۲۲۴	۸۹۶	۳۵۸۴

طریقہ روز اول: مورخہ 23-09-2004 کو روزہ بانیت زکات رکھیں۔ کھیر سے افطار کر کے اپنے نام بمع والدہ کے اعداد قمری کے موافق درود شریف کا ورد کریں۔

روز دوم: مورخہ 24-09-2004 کو اپنے نام کے اعداد 4x کے میزان کے مطابق ''یا وھاب'' اول و آخر ۱۴ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

روز سوم: 25-9-2004 کو اول و آخر درود شریف ایک ایک تسبیح اول و آخر آپ صرف 14 مرتبہ ''یا وھاب'' پڑھ کر کھیر پر دم کریں۔ خود بھی کھائیں اور بچوں کو بھی دیں۔

روز چہارم: 26-9-2004 کو اول و آخر ایک ایک تسبیح درود شریف صرف 56 مرتبہ ''یا وھاب'' پڑھ کر دعا مانگیں۔

روز پنجم: 27-9-2004 کو اول و آخر ایک ایک تسبیح درود شریف درمیان میں صرف 224 مرتبہ ''یا وھاب'' پڑھیں۔

روز ششم: 28-9-2004 کو اول و آخر ایک سو مرتبہ درود شریف درمیان میں 896 مرتبہ ''یا وھاب'' پڑھیں۔

روز ہفتم: 29-9-2004 کو آخری دن 2 رکعت نماز شکرانہ پڑھیں اور ایک ایک تسبیح درود شریف پڑھ کر درمیان میں 3584 مرتبہ ''یا وھاب'' پڑھ کر کھیر پر دم کریں اور خود بھی کھائیں اور بچوں میں بانٹ دیں۔

نوٹ: دوران عمل پڑھائی کسی اچھی سی خوشبو کو کپڑوں پر لگائیں اور اگربتی جلائیں۔ درود شریف جو پڑھنا ہے وہ یہ ہے:

اللھم صل علی محمد و آل محمد و عجل فرجھم

پرہیز: ایک ہفتہ تک بہتر ہے کہ ہر قسم گوشت، کچا پیاز، ٹماٹر، دال مسور اور جماع سے پرہیز کریں تاکہ عمل کی مخفی قوتیں خوش ہو کر نقش (لوح) کو پاور فل بنائیں۔

روزانہ ورد: بعد ازاں روزانہ 196 مرتبہ اول و آخر 14 مرتبہ درود شریف کے ساتھ ورد میں رکھیں تاکہ یہ زکات اگلے سال تک قائم رہے اور لوح کے اثرات جاری رہیں۔ یہی عمل مخصوص طریقے سے 15 شعبان اور 13 رجب کو بھی ایک گھنٹے میں کیا جا سکتا ہے۔

لوح کی دھات: یہ لوح ایک تولہ چاندی کی (2x3) انچ کی تختی پر بنائی جائیگی اس لوح کو اوج مشتری، شرف مشتری یا تثلیث قمر و شمس یا مشتری میں بھی بنائی جا سکتی ہے۔ نیز ہر لوچندی جمعرات کو خاص نیاز دلا کر بھی بنائی جا سکتی ہے۔

نیاز عمل: اول و آخر دن سفید کھیر یا برفی پر جناب سیدہ فاطمۃ الزہرا، مولا علیؑ جناب رسالت مآبؐ و حسنین شریفین کے اسماء مبارکہ پر نیاز دلا کر خود بھی کھائیں اور بچوں میں بھی بانٹ دیں کم از کم 3 بچے ضرور ہوں۔

صدقہ عمل: اس لوح کو تحریر کرنے سے قبل سفید رنگ کا کبوتر/مرغا صاحب لوح صدقہ دے تاکہ لوح کی سعدیت بڑھے اور صاحب لوح کی نحوست لوح کی سعادت پر اثر انداز نہ ہو۔ جمعرات کو چاندی کے پترے پر لوح تحریر کریں اور اگربتی سلگائیں اور اپنے نام بمعہ والدہ کے اعداد کے موافق ''یا وھاب'' دم کر کے گلے میں پہن لیں یا پاس رکھیں۔

بقیہ: آپ کا ماہ کیسا رہیگا

نکل سکتے ہیں۔ قسمت یاوری کر سکتی ہے۔ دوست تعاون کریں گے۔

تیسرا ہفتہ: محبت سے متعلقہ معاملات حساس رہیں گے۔ جذبات پر قابو رکھئے ورنہ خواہ مخواہ کے مسائل درپیش رہیں گے۔ اولاد کی وجہ سے پریشانی ہو سکتی ہے۔ سرمایہ کاری کرتے وقت محتاط رہیں اور اچھی طرح تسلی کر لیں۔ دوستوں کا تعاون حاصل ہوگا۔

چوتھا ہفتہ: گھریلو معاملات حل کرتے وقت تحمل مزاجی سے کام لیں۔ بیرون ملک سفر سے متعلقہ معاملات میں تاخیر ہو سکتی ہے۔ وراثت سے متعلقہ معاملات احسن طریقے سے حل ہو سکیں گے۔ شریک حیات کا تعاون رہے گا۔ جس سے مسائل میں کمی آئے گی۔

خواتین کیلئے اضافی: خواتین امور خانہ داری میں مصروف رہیں گی۔ خریداری کا موقع ملے گا۔ فضول خرچی سے اجتناب کریں۔ بزرگوں کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔ شریک حیات کا تعاون حاصل ہوگا۔

اس ماہ کی سعد تواریخ: 29,27,24,22,19,15,10,5 ستمبر

اس ماہ کی نحس تواریخ: 28,21,7 ستمبر

ازتحریر: سید شعیب الرحمٰن شاہ کاکاخیل۔ ایبٹ آباد

رہنمائے جفر
شرف عطارد

عطارد چلتے چلتے جب برج سنبلہ کے 15 درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے شرف حاصل ہوتا ہے۔ اس سال شرف عطارد 19 ستمبر رات 11:53 منٹ پر شروع ہوگا۔ 20 ستمبر دوپہر 1:33 منٹ تک رہیگا۔ شرف عطارد میں اکثر عالمین جفر ایسے اعمال تیار کرتے ہیں جو ترقی' کامیابی' امتحانات کیلئے کام دیتے ہیں تو اس وقت کی مناسبت سے عملیات جفر کا ایک پر تاثیر عمل لیکر حاضر ہوں یہ عمل میرے پاس دستیاب ہے کہیں اور دستیاب نہ ہوگا۔ عمل مندرجہ ذیل ہے۔

اعداد قمری سورۃ توبہ	:	9901944
طالب شعیب الرحمٰن اعداد	:	712
کل اعداد	:	9902656
تفریق	:	6390
باقی	:	9896266
تقسیم	:	4
حاصل تقسیم	:	2474066
باقی	:	2

تو خانہ نمبر 9 میں 1 کا اضافہ حاصل تقسیم کو خانہ نمبر 1 سے خانہ نمبر 16 تک ہر خانہ میں 213 کا اضافہ کریں اور ساتھ میں اسم اعظم یا باری کا ورد بھی کرنا ہے۔ یعنی خانہ نمبر 1 سے خانہ نمبر 16 تک ہر خانہ میں 213 کا اضافہ کرنا ہے۔ یہ علم الجفر کا معجزہ ہے۔ اسے ضرور آزمائیں۔

۷۸۶

جبرائیل

شمکائیل — شقفیائیل — العلی — حمعسق — عزرائیل — اسرافیل

۲۴۷۴۰۶۶	۲۴۷۶۸۳۶	۲۴۷۶۱۹۷	۲۴۷۵۵۵۷
۲۴۷۶۴۱۰	۲۴۷۵۳۴۴	۲۴۷۴۲۷۹	۲۴۷۶۶۲۳
۲۴۷۵۱۳۱	۲۴۷۵۷۵	۲۴۷۷۲۶۲	۲۴۷۴۴۹۲
۲۴۷۷۰۴۹	۲۴۷۴۷۰۵	۲۴۷۴۹۱۸	۲۴۷۵۹۸۴


وکفیٰ باللہ شہیدا محمد رسول اللہ


چال نقش

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

طلسم خصوصی دولت

اس سال سعادت اکبر نظر 27 ستمبر 2004 کو مریخ مشتری قران مکمل 5:16 منٹ صبح قائم ہوگی۔ دوسری سعادت اکبر نظر 29 ستمبر 2004 عطارد مشتری قران مکمل نظر صبح 6:21 منٹ پر قائم ہوگی۔ یہاں مشتری اوج یافتہ ہے۔ جو بہت باقوت نظر قائم کررہی ہے۔ صدیوں بعد ایسا وقت آتا ہے۔ اس وقت کی مناسبت سے دو طلسم آئینہ قسمت کی نظر کرتا ہوں۔ ایک طلسم خصوصی دولت کیلئے اور دوسرا طلسم خصوصی صحت کیلئے ہے۔ یہ طلسم چاندی کی تختی پر بنوا کر پاس رکھیں۔ اس طلسم کی برکت سے بے انداز دولت کے اسباب پیدا ہونگے اس طلسم کی برکت سے کچھ عرصہ میں دولت کے ایسے وسائل پیدا ہونگے جہاں عقل حیران رہ جائیگی۔ شرف مشتری کے موقع پر میں نے ایک شخص کو چاندی کی تختی پر یہ دو طلسم تیار کرکے دیئے تھے جس کی برکت سے اس کا کاروبار دن بدن ترقی کرتا گیا اور اتنی ترقی اس کو حاصل ہوئی کہ اس وقت پشاور کا سب سے امیر ترین آدمی ہے اور وہ فرماتے تھے جب اوج مشتری آئیگی تو یہ طلسم میرے بچوں کیلئے بھی بنوا دینا تجربہ شدہ یہ عمل میں آئینہ قسمت کی نذر کرتا ہوں میں ہر قاری کو دعوت دیتا ہوں کہ اس موقع کو ضائع نہ کریں۔






طلسم تحفظ اکبر

اس سال سعادت اکبر نظر 2 ستمبر 2004 زحل تسدیس مشتری پیر 12:14 منٹ پر قائم ہوگی۔ دوسری سعادت اکبر نظر شمس تسدیس زحل 17 ستمبر 2004 شام 6:31 منٹ پر قائم ہوگی۔ تیسری سعادت اکبر نظر 22 ستمبر 2004 شمس قران مشتری 4:47 منٹ پر سحری کے ٹائم قائم ہوگی۔ ان تین نظرات میں طلسم تحفظ کیساتھ حاضر ہوں۔ یہ طلسم تحفظ کیلئے کامل تاثیر رکھتا ہے۔ تحفظ سحر جادو، دشمنان

شیاطین سرکش، حادثات اتفاقیہ نظر بد سے اور سیارگان کے نحس اثرات سے بھی تحفظ ہوتا ہے۔ یہ لوح خالص چاندی پر یا خالص تانبا پر یا گولڈن کاغذ پر تیار کر کے پاس رکھیں پھر اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے فائدہ اٹھائیں۔



شرف عطارد

☆......ازتحریر: ابوالغازی جاوید جعفری۔ لاہور

قدرت نے جہاں دعا کی مختلف حالتیں رکھی ہیں وہاں اوقات کے اختلاف میں بھی بڑا فرق رکھا ہے اور جب تک وسیلہ نہ ہوگا کسی امر تک رسائی نہ ہو سکے گی۔ پیر کیا پیغمبر اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کے لئے وسائل کا اظہار کرتے ہیں۔ ان کے بعد وہ علوم روحانی و وسائل ہیں جو بزرگانِ دین نے ہم تک پہنچائے ہیں جس وقت کوئی بندہ کسی وسیلہ سے فریاد کرتا ہے تو اللہ ایسے اسباب پیدا کرتا ہے کہ بندہ حیران رہ جاتا ہے۔ حضرت عمر خراسانی فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ میں کنوئیں میں گر گیا تو عہد کیا کہ سوائے خدا کے اور کسی سے فریاد نہ کروں گا چنانچہ لوگ گزرتے گئے مگر کسی نے مجھے باہر نہ نکالا بلکہ بعض آدمیوں نے کنوئیں کا منہ بند کر دیا تاکہ کوئی راہ گیر گر نہ پڑے۔ تھوڑی دیر میں ایک درندہ آیا اس نے مٹی اٹھا دی اور وہاں بیٹھ گیا اس کی دُم کنوئیں میں لٹک گئی اور میں دُم پکڑ کر باہر آ گیا۔ مجھے اس وقت غیب سے آواز آئی تم نے ہم سے مدد کی درخواست کی اور ہم نے ایسے طریق پر مدد کی کہ تیرے وہم و گمان میں بھی نہ تھا۔ اب دیکھیے کہ حضرت نے امداد الٰہی کے سوا کسی سے مدد کی درخواست نہ کی تب بھی وسیلہ اس جانور کی دُم تھی ہر حالت میں انسان جب تک ظاہری اسباب کا وسیلہ نہ تلاش کرے کامیاب نہیں ہو سکتا ہاں یہ بات ضروری ہے کہ رضائے الٰہی پر راضی رہے تو وہ مسبب الاسباب ہے ضرور وسیلہ پیدا کر دیتا ہے۔

اسی طرح عطارد کا کام ہے اسباب و وسائل پیدا کرنا عطارد بروج پر حرکت کرتا ہوا جب برج سنبلہ کے 15 درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے شرف ہوتا ہے یہ اوقات 19 ستمبر 2004ء 23:53 تا 20 ستمبر 13:33 منٹ پر ہیں۔ اب ایک عمل بتاتا ہوں عطارد دبشی فلک ہے۔ اس میں تسخیر اہل قلم، حصول رزق، کامیابی امتحان، حصول علم اور فصاحت و بلاغت کیلئے عمل تیار کئے جاتے ہیں۔

عمل نمبر 1: اگر کسی قلم کو مسخر کرنا ہو تو ق والقرآن المجید بل عجبوا ان جآء ھم منذر منھم فقال الکافرون ھذا شیٔ عجیب کے اعداد لیکر اس میں اپنا نام اور مطلوب کے اعداد ملا کر نقش مسدس تیار کر و اور بازو راست پر باندھو کام ہو جائیگا اعداد آیت یہ ہیں۔ 3617

عمل نمبر 2: جس بچے کا دل تعلیم کی طرف راغب نہ ہو اس کو چاندی کی تختی پر ایک طرف رب زدنی علما اور دوسری طرف توتی الملک من تشاء کو مربع میں پر کریں۔ دونوں آیات میں بچے کے نام کو علیحدہ علیحدہ امتزاج دیں اور دونوں کے اردگرد لکھیں علم میں بہت ترقی کرے۔

ٹرانسپورٹرز کیلئے ایک نادر موقع

کامیابی امتحان، تسخیر افسران، حصول تعلیم وملازمت

☆......از تحریر حکیم سرفراز احمد زاھد. ملتان

عطارد کو فارسی میں دبیر فلک یعنی منشی فلک اور ہندی میں بدھ کہا جاتا ہے۔ بدھ کے دن کا مالک ہے۔ یہ نظام شمسی کا چھوٹا ستارہ ہے۔ فلک دوم اسکا مقام ہے۔ ایک برج میں تقریباً 27 یوم قیام کرتا ہے۔ سعد اصغر ہے۔ اس ستارہ کو فطرت کا پیغامبر بھی کہا جاتا ہے۔ سعد حالت میں ہو تو صحت اور گھریلو امور کو بہتر بناتا ہے۔ نحس حالت میں مرض اور گھریلو تکلیف لاتا ہے۔ عطارد دو بروج جوزا اور سنبلہ سے تعلق رکھتا ہے۔ عطارد کی بہت سی خوبیاں ہیں۔ یہ ستارہ اُن تمام امور سے تعلق رکھتا ہے جو تحریر و تقریر، حصول علم، قوی الحافظہ ہونے، کامیابی امتحان، قوت فصاحت بلاغت کیلئے ہوتے ہیں۔ یہ ستارہ نطق سے متعلق ہے۔ اس لئے نطق کی تمام قوتوں کو قوی کرتا ہے۔ ہر اہل علم واہل قلم ادیب شاعر مصنف پروفیسر ٹیچر اسکے ماتحت ہیں۔ اس کے علاوہ ان امراض کو بھی دور کرتا ہے جن کا تعلق دماغ سے ہو۔ مثلاً صرع (مرگی) مالیخولیا، فاتر العقلی اور بچوں کے خواب یا بیداری میں ڈرنے یا خوف کھانے سے ہوں۔ یعنی عقل وفہم کی ان تمام خرابیوں کو ختم کر دیتا ہے۔ جن کے لاحق ہونے سے انسان ناکارہ ہو جاتا ہے۔ یہ ستارہ ذرائع نقل وحرکت اور نشریات سے بھی متعلق ہے۔ لہٰذا وہ تمام لوگ جو ڈرائیونگ کرتے ہیں، سفر کرتے ہیں، جیسے پائلٹ، ڈرائیور، ٹرین کے گارڈ اور ٹکٹ چیکر کے علاوہ ریڈیو، ٹیلی ویژن سے وابستہ لوگ اور بحری جہازوں سے منسلک لوگ ہیں۔ اس کے علاوہ تسخیران افسران اور حصول ملازمت یعنی کسی خاص پوسٹ کا حصول یا ترقی عہدہ میں رکاوٹ ہو وہ بھی شرف عطارد سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں حصول اسباب میں بھی یہ ستارہ عطارد بڑا معاون ہے۔ جاننا چاہئے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے دعا کی قبولیت کی مختلف حالتیں رکھی ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ اوقات کے اختلاف میں بھی فرق رکھا ہے یہ تو ہمارا ایمان ہے کہ جب تک وسیلہ نہ ہوگا کسی امر تک پہنچنا بہت ہی مشکل ہی نہیں ناممکن بھی ہے۔ دنیا میں جو بھی آیا ہے چاہے ان میں انبیاء مرسلین ہوں یا اولیائے کرام سب ذات پاک تک پہنچنے کے وسائل کا اظہار کرتے ہیں۔ اس کے بعد وہ روحانی علوم ہیں جو اولیاء کرام بزرگان دین اور ماہرین روحانیت نے ہم تک پہنچائے ہیں جب کوئی بندہ کسی وسیلہ سے بارگاہ الہٰی میں فریاد کرتا ہے تو رب العالمین ایسے اسباب پیدا کر دیتا ہے کہ جو بندہ کی عقل کو حیران کر دیتے ہیں۔ قرآن پاک کی سورۃ مائدہ میں فرمان خداوندی ہے کہ "وسیلہ پکڑو اور جہاد کرو"، جو کوئی مظلوم کسی وسیلہ کے ذریعہ کوشش کرتا ہے، تو وہ جلد منزل کو حاصل کر لیتا ہے اور جو براہ راست منزل تک پہنچنے کی کوشش کرتے ہیں وہ پیچھے رہ جاتے ہیں۔ دُنیا میں ایسے ہزاروں واقعات موجود ہیں جب کسی انسان کو ہر طرف مایوسی اور پریشانیاں گھیر لیتی ہیں اور وہ اس وقت سچے دل سے کسی وسیلہ سے فریاد کرے تو وہ فوراً منظور ہوتی ہے اور مایوسیوں کے ختم ہونے کے اسباب پیدا ہو جاتے ہیں جب تک ظاہری اسباب پیدا نہ ہونگے تا وقتیکہ وسیلہ تلاش نہ ہوگا کامیابی ناممکن ہے۔ ہاں یہ بات ضرور ہے کہ اگر رضائے الٰہی پر راضی رہا جائے تو وہ ذات جو مسبب الاسباب ہے ضرور وسیلہ پیدا کر دیتی ہے۔ شرف عطارد بھی اسباب اور وسائل پیدا کرتا ہے۔

ستارہ عطارد جب بروج میں حرکت کرتا ہوا برج سنبلہ کے 15 درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے شرف کی طاقت حاصل ہوتی ہے۔ شرف عطارد میں جہاں بہت سے امور میں مدد لی جاتی ہے وہاں بیرون ملک ملازمت، بچوں کی تعلیم کی طرف رغبت دلانا اور کند ذہنی دور کی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ ایک اور بات جو میرے تجربہ میں آئی ہے کہ وہ ٹرانسپورٹر حضرات جن کی گاڑیاں ہر وقت ورکشاپوں میں جلوہ افروز رہتی ہیں جیسے ہی انہیں ورکشاپ سے سڑک پر لایا جائے فوراً کسی نہ کسی حادثہ کا شکار ہو کر ٹوٹ پھوٹ کر ورکشاپ کی زینت بنی رہتی ہیں۔ ایسے مجبور مالکان شرف عطارد کی روحانیت سے استفادہ کریں انشاء اللہ لوح عطارد کے ہوتے ہوئے گاڑی کا بے جا ایکسیڈنٹ نہ ہوگا اور وہ سڑک پر رواں دواں رہے گی اور باعث نفع ہوگی۔ اس سال شرف عطارد بروز اتوار 19 ستمبر 2004 بوقت رات 11 بجکر 55 منٹ تا 20 ستمبر بروز سوموار 2004 دوپہر ایک بجکر 35 منٹ تک شرف میں رہے گا۔ اس دوران دو ساعتیں عطارد کی ملیں گی۔ پہلی 20 تاریخ صبح 5 بجکر ایک منٹ یعنی نماز فجر کے نزدیک تا 5 بجکر 58 منٹ تک ہوگی۔ دوسری اور آخری دوپہر 12 بجکر 7 منٹ تک ایک بجکر 7 منٹ تک رہے گی۔ دونوں ساعتوں میں پہلی ساعت سعد اتصال اور دوسری نحس اتصال ہے۔ اس طرح صرف پہلی ساعت تقریباً 57 منٹ دورانیہ کی کام کی تکمیل کیلئے مناسب اور مفید ہے۔ (یاد رہے یہ اوقات ملتان کے ہیں۔)

اس دفعہ موقع کی مناسبت اور وقت کی کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے جفری حساب کتاب کی پیچیدگیوں سے پاک اور آسان عمل دے رہا ہوں (جفری عمل حساب کتاب کی جو باریکیوں سے تیار ہوتا ہے تیر کی طرح کام کرتا ہے) آجکل لوگ بیرون ملک ملازمت کے حصول میں پریشان ہیں ہر کوئی امریکہ، کینیڈا، جاپان اور آسٹریلیا جانے کا خواہش مند ہے ایسے لوگ جو بار بار کوشش کے باوجود ناکام ہوں انہیں اس عمل کی دعوت ہے۔ وہ عمل تیار کریں اور اپنی ناکام خواہشات کو کامیابی میں بدل لیں۔ اس کا طریقہ یہ ہے۔ قرآن پاک کی آیت مبارکہ سے نقش ذوالکتابت پر کریں گے۔ نام

سائل معہ والدہ اور مقصد کے اعداد لیں گے۔ آیت مبارکہ کے اعداد 2241 ہیں اور ان کا موکل رغغائیل ہے۔ جو نقش کے اوپر لکھا جائے گا۔ نقش مربع کے اوپر کے چاروں خانوں میں نام سائل+مقصد+آیت مبارکہ لکھیں گے۔ مقصد میں ترقی مطلوب ہے تو ترقی عہدہ لکھیں۔ ملازمت کی ضرورت ہے تو حصول ملازمت لکھیں اور اگر حصول ویزہ میں پریشانی ہے یا کوئی رکاوٹ ہے تو حصول ویزہ اور ساتھ متعلقہ ملک کا نام بھی لکھیں۔ بہرحال جو مقصد ہو مختصر لکھیں اس عمل کی مثال درج ہے۔

نام سائل معہ والدہ محمد شکیل بن جمیلہ : ۵۴۰

مقصد: حصول ویزہ ملک قطر : ۵۶۱

آیت ان اللہ ھو الرزاق ذو القوۃ المتین : ۲۲۴۱

میزان : ۳۳۴۲

چال نقش

١٦	١١	٦	١
٥	٢	١٥	١٢
٣	٨	٩	١٤
١٠	١٣	٤	٧

۷۸۶

جبرائیل

ذوالقوۃ المتین	ان اللہ ھو الرزاق	حصول ویزہ ملک قطر	محمد شکیل بن جمیلہ
٥٦٠	٥٤١	١٧٧٣	٤٦٨
٥٤٢	٥٦٣	٤٦٥	١٧٧٢
٤٦٦	١٧٧١	٥٤٣	٥٦٢

اس نقش کے ہر ضلع کا مجموعہ ۳۳۴۲ ہوگا آپ بھی چاروں طرف میزان کر لیں اس طرح کے دو نقش لکھیں ایک تعویذ بنا کر گلے میں پہن لیں اور دوسرا گھر میں لٹکا دیں انشاء اللہ زیادہ سے زیادہ 3 ماہ کے دوران مقصد حاصل ہو جائے گا۔

بقیہ: بھارت، پاکستان امریکہ

کے بداثرات سے بچنے کیلئے صدقہ تجویز کرتا ہے جو مفید بھی ہوسکتا ہے۔ اب ہم ان حالات و واقعات کی طرف بڑھیں گے جو سیارے اگست ستمبر 2004 میں پیدا کر سکتے ہیں۔ سیارے ماہ اگست اور ستمبر کچھ ایسے اوضاع بنا رہے ہیں جن کا اثر ہر طرح کی زندگی پر پڑ سکتا ہے۔ جس میں سیاسی سماجی اقتصادی اور جغرافیائی مسائل و حالات دُنیا میں پیدا کر سکتے ہیں۔ سیاروں کے متوقع اوضاع سازگار نہیں ہیں بلکہ سیاسی، دینی اور اقتصادی حالات ظاہر کر سکتے ہیں۔ جمہوریہ پاکستان کے زائچے میں طالع برج حوت ہے۔ جبکہ پیدائشی زائچے برج حمل اور سنبلہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان زائچوں کے پیش نظر آئندہ کے حالات کا جائزہ لیں گے۔

ان اوضاع سیارگان کے پیش نظر سیاسی سماجی اور اقتصادی اور جغرافیائی حالات پر ان کا نحس اثر پڑ سکتا ہے۔ برصغیر پاک و ہند کے علاقوں پر سیارہ عطارد غالب اور زیادہ اثر انداز رکھتا ہے۔ اس وجہ سے مرکز ارضی کے پیش نظر عطارد نمایاں اثرات رکھتا ہے۔ اس زائچے میں عطارد، مریخ اور مشتری کے ساتھ چھٹے گھر میں آ گیا ہے۔ چوتھے سے چھٹے، آٹھویں پلوٹو، نیپچون۔ ساتویں گھر سے راس اور یورانس چھٹے آٹھویں ہیں۔ دسویں سے آٹھویں شمس ہے۔ اس لحاظ سے یہ اوضاع اہم اثرات رکھتے ہیں **جو برصغیر کے علاقے میں حکومتوں کی، تشدد کے ذریعے تبدیلی کو ظاہر کرتے ہیں۔ جس میں ملکی سربراہوں پر سیاسی حملے ہو سکتے ہیں اور ان کے اقتدار پر گہرا اثر پڑ سکتا ہے۔** یہ اوضاع چوتھے سے چھٹے آٹھویں پلوٹو، نیپچون اور ذنب، ساتویں گھر سے یورانس اور راس دسویں گھر سے ساتویں آٹھویں شمس زہرہ اور زحل ہیں یہ اوضاع ریز حکومتی تبدیلیاں ظاہر کرتے ہیں۔ نجوم کی کتابوں میں یہ بات بڑی شدومد سے ملتی ہے کہ جب سیارے کسی بھی زائچے میں چھٹے، آٹھویں اور بارہویں آ جائیں تو وہ زمانہ مخدوش ملکی اور سیاسی حالات کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ اس بات کے پیش نظر ہم پاک بھارت کے حکمرانوں پر واضح کرتے ہیں اگست، ستمبر اور اکتوبر کسی صورت سیاسی امن کو ظاہر نہیں کرتے اسلئے ہم حکمرانوں سے توقع کرینگے کہ وہ تدبر سے کام لیکر اپنے اپنے ملکوں کو برے حالات سے بچائیں۔ سیارے پوری طرح تخریب پر تلے ہوئے ہیں۔ اب یہ حکمران طبقوں کا فرض ہے کہ وہ سیاروں کے نوشتے کو کس طرح ناکام بناتے ہیں۔ پاک بھارت کے سیاسی اور حکمران طبقوں کو بصیرت اور بصارت دونوں سے کام لینا ہوگا تاکہ برصغیر کے عوام زیادہ بے چین نہ ہو جائیں۔ کہا جا سکتا ہے یہ اوضاع تو تمام دُنیا کیلئے بن رہے ہیں۔ بھارت، پاکستان اور امریکا پر ان اوضاع کا اثر اچھا نہیں ہوگا۔

یہاں یہ بات بتاتے چلیں کہ اگلے ماہ کے وسط میں بھارت اور پاکستان کے حکومتی زعماء پھر سے ملیں گے۔ سیاروں کے تیور بتا رہے ہیں ایسا نہیں ہوگا کیونکہ یہ بات دونوں ملکوں کے سیاسی، دینی، فوجی اور اقتصادی طبقوں کے حق میں نہیں ہیں۔ نجومی تو یہ کہتا ہے اب کہ دیکھیے سنیاس کیا کہتا ہے۔

مورخہ 10 اگست 2004